5/5
7/B

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

دریای عشق

بمطبع منشی نولکشور مزین بطبع معشوق جہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کرتا ہون مین حمد اوس خدا کی
قدرت کی کچھ اوسکے ہین عجب رنگ
خلوت سے ہی انجمن مین آتا
ہی مہر مین مہ مین نور اوسکا
بلبل کو ہی جستجو اوسی کی
گہ لمعہ کلیم کو دکھایا
طوفان سے نوح کو بچایا
قہار بھی ہی رحیم بھی ہے
پروانہ و شمع بلبل و گل
ہمسے کبھی دور وہ نہین ہی
وصف اوسکا یہ سب پہ ہی ہویدا
ہی متفق اسمین قول سبکا
جو وہم و خیال سے ہی باہر
دانش کو بھی دخل ہو نہ جس جا
دانائے جہان یہان ہین نادان

جسنے ہستی کی یہ بنا کی
انسان تو کیا ملک ہین یہان دنگ
گل بنکے ہی وہ چمن مین آتا
ہر ذرے ہی مین ہی ظہور اوسکا
قمری کو ہی آرزو اوسی کی
گہ جلوہ سے طور کو جلایا
یوسف کو بھی چاہ سے چھڑایا
جبار بھی ہی کریم بھی ہے
رہتے ہین اوسکی لو مین بالکل
شہ رگ سے زیادہ تر قرین ہے
ہرگز وہ نہین کسی سے پیدا
کہتے تھے نبی بھی ما عرفنا
پہچانے بشر پھر اوسکو کیونکر
ہی ایسی جگہ سکوت اولا
پہچان لے اسقدر کس انسان
ہر موی تن اپنا گر زبان ہو

حادث ہین سبھی قدیم ہی وہ
گہ گل مین ہی گاہ خار مین ہے
ظاہر مین اگرچہ لامکان ہی
بیگانہ ہی وہ نہ وہ جدا ہی
حقا دہی عشق کے ہی لائق
امداد خلیل نار مین کی
یکتا ہے وہ ذات پاک لاریب
گہ غیر ہی گاہ یار ہی وہ
پنہان ہی وہی وہی ہی ظاہر
مغرور ہی بے نیاز ہی وہ
اپنا ہی وہ آپ ہی شناسا
دنیا ہی سب ایکدن یہ نابود
ہم عقل کہانسے اسقدر لائین
کیا جانین وہ ذات پاک ہی کیا
ہم بندے ہین اور وہ خدا ہی
وصف اوسکا نہ تو بھی کچھ بیان ہو

بے علم ہین سب علیم ہی وہ
گہ سنگ مین گہ شرار مین ہے
لیکن ہر ایک جا مکان ہی
ہفتاد و دو ملت آشنا ہی
معشوق کبھی کبھی ہی عاشق
یونس کو نجات حوت سے دی
بے شبہہ ہی ہی عالم الغیب
دشمن کا بھی دوستدار ہی وہ
اول ہی وہی وہی ہی آخر
رزاق ہی کارساز ہی وہ
اوسکا تو نہین کوئی شناسا
دائم وہ وہی رہیگا موجود
جو کنہ کی ذات پاک کی پائین
یہان بند ہی نطق انبیا کا
مالک ہی مرگ و زیست کا ہی

تاج الکلام نعت حضرت خیر الانام احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم

یکتاے جہان ہی ذات احمد
لازم ہی کرون صفات احمد

ہی عاشق کبریا محمد
ہی خاتم انبیا محمد

وہ افسر فرق مرسلان ہے
وہ قاسم دوزخ وجنان ہی

وہ ہی گل گلشن نبوت
وہ ہی در قلزم رسالت

دنیا مین نہ تھا ظہور اوسکا
پر خلق تھا پہلے نور اوسکا

جب خلق کیا تھا اوس حسین کو
اک ناز تھا صورت آفرین کو

اللہ رے رتبہ پیمبر
ہی جملہ پیمبرونسے بہتر

وہ شافع عاصیان ہی بیشک
ہوگا نہ ہوا ہی ایسا اب تک

وہ رونق گلشن جہان ہی
زینت دہ ہفت آسمان ہی

بے مثل ہی بعد حق وہ برحق
نور اوسکا ہی نور حق سی مشتق

فعل اوسکا ہر اک قبول حق ہے
بے شبہہ وشک رسول حق ہے

دنیا کا بھی دین کا بھی حامی
کونین مین ہی وہی گرامی

ہوتا اوسکا اگر نہ حیلہ
بخشش کا نتھا کوئی وسیلہ

اوسنے ہمین دین حق بتایا
اللہ کو ہمنے اوس سے پایا

خود جسکی کرے کبریا مدح
انسان پھر اوسکی کیا کرے مدح

منقبت حضرت امیر المومنین امام المتقین غالب کل غالب علی ابن ابی طالب علیہ السلام

اب وصف علی کرون مین آغاز
دکھلائی زبان خامہ اعجاز

سلطان دیار جان علی ہی
فوج دین کا نشان علی ہی

آئینہ حق نما علی ہے
شاہنشہ اوصیا علی ہی

وہ رہبر منزل یقین ہی
محبوب خدا کا جانشین ہے

وہ رونق دین مصطفے ہی
وہ عالم علم کبریا ہے

وہ قلزم بخشش وعطا ہی
بیشک وہ وصی مصطفے ہے

گمراہون کا وہ ہی رہنما ہی
نام اوسکا ضعیفونکا عصا ہی

وہ عقدہ کشا ہی شیر حق ہی
ہمنام خدا ہی شیر حق ہے

ہی رونق مسند امامت
دیباچہ نسخہ کرامت

کہتے ہین ہم کہ وہ خدا ہی
پر حق سے علی نہین جدا ہی

کینے سے پاک اوسکا سینہ
اسرار خدا کا ہی خزینہ

ارشاد خدا ہی اوسکا ارشاد
کرتا ہی وہ بیکسونکی امداد

مشہور جہان ہی زور حیدر
اکدم مین اوکھاڑا باب خیبر

اللہ رے حسن جبہہ سائی
سجدہ مین شہادت اوسنے پائی

رکھتا ہی یہ اوج روضہ پاک
خورشید ہی جسکا ذرۂ خاک

خم اس لیے ہی یہ چرخ اخضر
ہی طالب حکم بوسۂ در

عالم جسے ماہ جانتا ہے
مہتابی قصر مرتضی ہے

معراج ہوئی تھی آپکو جب
تھا دست علی طعام مین تب

فرماتے تھے بارہا پیمبر
ہی روح روان ہماری حیدر

مین جان ہون اسکی یہ ہی بیجان
مین اسپہ فدا یہ مجھپہ قربان

مجھسے نہین مرتضی جدا ہے
مثل رگ وپے بہم ملا ہے

جو عاشق مرتضی علی ہے
بے شبہہ وشک وہ جنتی ہی

جو اس سے پھرا ہوا وہ ناری
سمجھو اوسکو عدوی باری

ہو بعد علی امام دین ہین
یعنی جو نبی کی جانشین ہین

سب ایک ہی نور سے ہین پیدا
قدر اونکی جہان پہ ہی ہویدا

کیا مجھسے ثناے پنجتن ہو
بس جان فداے پنجتن ہو

سبب تالیف

اختر اب اوٹھا و کلک فطرت
دکھلاؤ روانئے طبیعت

ہم بلبل گلشن سخن ہو
معنی کے چمن مین نغمہ زن ہو

عرصہ ہے قلیل زندگی کا
باقی رہے حوصلہ نہ جی کا

رنگینی فکر کچھ دکھاؤ
تالیف کا کچھ سبب سناؤ

کچھ شعر و سخن کا شغلہ تھا
دلمین بھی عجیب ولولہ تھا

اوس وقت بلائین میری لیکر
کہنے لگی ایک ماہ پیکر

ایک مثنوی ہمکو اور کہہ دو
دنیا مین نہین ہے تمسا خوشگو

قبل اس سے جو مثنوی کہی ہے
وہ عشق سے سب بھری ہوئی ہے

پڑھ لینگے وہ قصہ بر زبان ہے
خوبان جہان کے حرز جان ہے

کی مینے ہزار اونسے تکرار
کچھ بس نہ گیا مگر نہ انکار

چھیڑی یہ داستان پر درد
پتھر کر جیسے سنگ سپرم درد

اکیسوین روز پایا اتمام
دریائے تعشق اسکا ہے نام

کیون منصفو بولو کیون ہو ششدر
اس فن مین ہے کون میرا ہمسر

مین آبروئے در سخن ہون
ہر شعر ہے میرا رشک افسون

سرمست مے سخن سے مین تا ہم
جامی کیا ہوگا جیسے ہم جم

بحر مضمون بہائین پل مین
ملک سخن اپنی ہے عمل مین

شاگرد کسیکا مین نہین ہون
ہے میری ازل سے طبع موزون

اک طبع کا یہ بھی شغلہ ہے
الفت کا جو دلمین ولولہ ہے

کیا یہان ہے وہ باغ آج کل سے
معشوق مزاج ہون ازل سے

یہان عجز پسند ہے طبیعت
بھاتی نہین بندہ کو رعونت

خورشید ہے جس فلک پہ اختر
جس باغ کا ہے گل معطر

افسوس کہ اب وہ رشک فغفور
حضرت جنت مکان ہین مشہور

عاشق تھے میرے وہ شاہ والا
مین چاند تھا اور تھے وہ ہالا

کیا اونکی مفارقت ہے جانکاہ
کچھ دل ہی ہے اس الم سے آگاہ

دم بھر نہین بھولتا وہ غم آہ
اس سن مین یہ داغ اے افلاک

دنیا کا یہی ہے کارخانہ
دکھلاتا ہے گردشین زمانہ

لو جودت طبع اب دکھاؤ
مشتاق ہین داستان سناؤ

بیٹھے ہو عبث ملول و محزون
کچھ کھیلو شکار مرغ مضمون

اک بار وہ تھے جمع کچھ پریزاد
بے غم و رنج سے تھے آزاد

تھا نشہ بادۂ جوانی
حاصل تھا سرور زندگانی

اچھے میرے پیارے جان عالم
قربان تمھارے جان عالم

اس طرز بیان پہ پستے ہین ہم
اس پیاری زبان پہ پستے ہین ہم

افسانۂ عشق اوسکا ہے نام
آغاز بھی خوب اور انجام

اسمین بھی ہو طرز عاشقانہ
مقبول کرے جسے زمانہ

بھر آگئی جوش پر طبیعت
امڈا دم فکر بحر جودت

چشم خامہ مین اشک بھر آے
پتھر بھی سنے تو موم ہو جاے

انصاف طلب ہون سامعین سے
روکین نہ زبان آفرین سے

مین گوہر بحر شاعری ہون
ہین فخر کلیم و انوری ہون

اعجاز رقم ہے میرا خامہ
ہر نظم ہے ایک کارنامہ

بیمثل ہین آج ہم سخنور
گر چاہین تو صورت سمندر

پیرو اپنے ہین سب سخنور
کرتے ہین بیعت ادب سخنور

پیشہ نہین میرا شاعری کچھ
دعوی نہین اسکا یہ ابھی کچھ

تفریح کے واسطے کبھی کچھ
موزون کر لیتے ہین ابھی کچھ

تقریر یہ سب تھی شاعرانہ
آگاہ ہے اس سے اک زمانہ

کیا کیجے فلک کا شکوا
کچھ درد جگر بھی سنئے میرا

تھا اسم مبارک اونکا اے آہ
شاہ امجد علی فلک جاہ

تعلیم کا اونکے ہے یہ سب فیض
ہوتا ہے کسی سے ایسا کب فیض

مجھکو بھی دلی تھی اونسے الفت
حد سے بھی سوا تھی کچھ محبت

لیکن یہ گلہ ہے آسمان سے
کیا جلد اوٹھا لیا جہان سے

اس درجہ ملال کر نہ اے دل
رنج بیفائدہ سے حاصل

ہین راحت و غم سلف سے توام
رکھ طبع کو اپنی شاد و خرم

اے بلبل خامہ ہان چہک اب
تو بھی گل فکر سے مہک اب

آغاز داستان

کہتے ہین یہ مخبران ذیجاہ
اک شہر مین ایک تھا شہنشاہ

خورشید جمال و یوسف دہر
شیدا تھے تمام مردم شہر

خوش خلق و حلیم و نیک طینت
فیاض و دلیر و ذی مروت

اللہ نے حسن وہ دیا تھا
بندہ عالم کو کر لیا تھا

خورشید سپہر دلبری تھا
انسان تھا گو مگر پری تھا

انجم سے زیادہ اوسکی تھی فوج
تھا مثل سپہر صاحب اوج

عادل ایسا تھا وہ خوش انجام
کسرا کا نہ لیتا تھا کوئی نام

اسدرجہ شجاع تھا وہ ذیجاہ
شیر آگے تھا مثل اوسکے روباہ

جرات مین وہ رستم جہان تھا
ہمت مین وہ حاتم زمان تھا

بخشش کا مین اوسکی کیا کہون حال
لٹتا تھا پڑا سدا زر و مال

قارون کا خزانہ گروہ پاتا
اکدم مین اوسے بھی وہ لٹاتا

محتاج کوئی بشر نہ وہان تھا
ابر کف فیض درفشان تھا

یہ رعب تھا خجل اوسے جو آتا
ضرغام فلک بھی کانپ جاتا

مصروف تھی عدل پر طبیعت
شاد اوس سے کمال تھی رعیت

خدام پر اپنے مہربان تھا
ہر علم و ہنر کا قدردان تھا

خوش ساکن شہر ملک آباد
رنج و غم دہر سے سب آزاد

ادنی اعلی سے اس حشم پر
ملتا تھا سدا اکمال جھک کر

درویش مزاج تھا وہ سلطان
مشہور تھا نام شاہ دوران

چار اوسکے وزیر تھے خوش اقبال
ہر ایک کی نعم کا تھا یہ حال

اوسوقت مین ہوتا گر ارسطو
تعلیم اوسے کرتے چارون خوشخو

کرتا تھا سدا وہ عیش و عشرت
ارباب نشاط سے تھی صحبت

جز عیش نہ غم کی تھی کوئی بات
دن عید شب برات تھی رات

رہتا تھا ہمیشہ ناچ گانا
تھا اوسکا محل طلسم خانہ

خوبان جہان کا تھا وہ محبوب
خوش قامت و خوش نظر خوش اسلوب

پریان تھین نثار دلسے اوسپر
تھا وقت کا اپنے راجہ اندر

سب طرحسے تھا وہ شاد و دلشاد
تھا اوسکو مگر ملال اولاد

اکدن اوس شاہ باکرم نے
فغفور کلاہ تخت جم نے

فرزند کے غم مین ہو کے مضطر
فرمایا وزیرون سے یہ رو کر

افسوس اے دوستان جانی
بے لطف گئی مری جوانی

اولاد کا داغ لیچلے ہم
جائیگا نہ گور تک بھی یہ غم

اب اپنے شباب کی ہے رخصت
پیری کی عیان ہوئی علامت

افسوس کہ لاولد رہے ہم
اس امر کا ہے زیادہ تر غم

فرزند جو کوئی آج ہوتا
وہ وارث تخت و تاج ہوتا

مہمان ہون اور چند دن کا
آمد شد دم کا کیا بھروسا

کچھ اور نہین ملال ہمکو
بعد اپنے ہے یہ خیال ہمکو

ہم تو نہین رکھتے کوئی اولاد
یہ ملک تمام ہوگا برباد

اس رنج والم سے قبر مین بھی
ہرگز نہ لگے گی پیٹھ میری

یہ کہہ کے وہ بادشاہ دوران
روتا تھا برنگ ابر باران

ساتھ اوسکے وزیر وقت تھے سب
بیتاب کمال ہوتی تھی سب

چارون مین جو اک وزیر کل تھا
اوسکا بھی چراغ خانہ گل تھا

مشہور تھا نام اوسکا عاقل
ہر علم و ہنر مین تھا وہ کامل

کہنے لگا رو کے یہ وہ محزون
مین بھی اسی غم مین مبتلا ہون

فدوی کا بھی بے چراغ ہے گھر
یہ داغ میرے بھی ہے جگر پر

اس کلمے سے بھر کے ایکدم سرد
روئے دونو لپٹ کے ہمدرد

فرمایا پھر اوس سے اے دل افگار
تقدیر سے آدمی ہے ناچار

یون ہی کچھ مرضی خدا ہے
انسان کا زور اسمین کیا ہے

تسکین ہوئی حال سنکے تیرا
ورنہ اس غمسے مین نہ جیتا

ہے جی مین کہ قسمت آزمائین
درویشون سے رابطہ بڑھائین

شاید نکل آئے مدعا کچھ
خاصان خدا خدا نباشند
القصہ وزیر نے اوسی آن
سنتے ہی یہ حکم شاہ عادل
بیواسطہ شہ سے کی ملاقات
کیا کیا ہو رنج و ملال اوسکا
کہتا رو رو کے وہ جگر ریش
ممکن ہو اگر تو کچھ دوا دو
تم لوگ فقیر ہو خدا کے
اس رنج مین مین رہونگا کب تک
کہتا تھا یہ وس سے کوئی آزاد
کہتا تھا کوئی کہ رہیے خرسند
قدرت سے تیری بعید کیا ہے
اس درد جگر کی تو دوا کر
اک روز وہ شاہ صورت ماہ
قدرت کا تو دیکھتا تماشا
دانا رکھو آپ کو سلامت
بس سنتی ہی یہ صدائے درویش
بیوجہ مجھے سنین دعا دی
قربت رکھتے ہین یہ خدا سے
بیتاب بہت ہی جان مضطر
درویش کو ہاتھوں ہاتھ لایا
درویش سے خوش ہوا وہ سائل
تم جانتے ہو جو غم ہے ہمکو
گرحال سے میرے تم ہو ماہر

حاجت مری اوس سے ہو روا کچھ
لیکن ز خدا جدا نباشند
بھجوائے ہر ایک جا پہ فرمان
درویش جہان جہان تھے کامل
سبکی ہوئی خاطر و مدارات
برسون ہی رہا جو حال اوسکا
یہ قصۂ صدمۂ دل خویش
مقبول خدا ہو تم دعا دو
طالب ہم تمسے ہین دعا کے
یہ درد جگر سہون گا کب تک
مرشد کی دعا سے ہوگی اولاد
بیشبہ تمھارے ہوگا فرزند
خالق تو جن وانس کا ہے
فرزند مجھے کوئی عطا کر
تھا بام پہ جلوہ گر سر راہ
درویش ادھر سے ایک گذرا
ہر روز فزون ہو عمر و دولت
بشاش بہت ہوا وہ دلریش
کچھ جان گیا سنے یہ صدا دی
شاید اسی شخص کی دعا سے
حد سے بھی فزون ہین ہم مکدر
جسوقت وہ پیش شاہ آیا
فرمایا کہ اے فقیر کامل
پہچانتے ہو میرے الم کو
پوشیدہ نہ رکھو کرو ظاہر

ہوتے ہین یہ راز حق سے ماہر
کی عرض وزیر نے بہت خوب
مرد کامل جہان جہان ہون
آئے در شہ پہ بے تامل
مطلب ہر ایک کو سنایا
کامل جو کوئی کہین سے آتا
کیا تمسے کہین کہ حال کیا ہے
فرزند کی آرزو ہے ہمکو
تبلائیے شاہ جی خدارا
تقدیر مین ہے مرے بھی اولاد
بابا داتا ہے دینے والا
کرتا تھا ہر ایک کو تسکین
مجرم ہون گنہگار ہون مین
ہر روز اس غمسے وہ خوش انجام
مصروف تھا سیر مین وہ ناکام
مغموم کمال شہ کو پا کر
کسواسطے آپ ہین مکدر
فرمایا وزیر سے کہ عاقل
جلد اسکو ہمارے پاس بلواو
کچھ مہر کرے جناب باری
سنتے ہی یہ حکم وہ خوش انجام
دی شاہ نے اوٹھکے اوسکی تعظیم
کیا کام تمھین ہمارے غمسے
دو گے مرے درد کی دوا کچھ
منظور فقط ہو گر ملاقات

مشہور یہ ہے بقول شاعر
فدوی کو بھی اب یہی ہے مطلوب
حاضر وہ آکے سب یہان ہون
تھی اونکو نہ حاجت توسل
پر مرہم زخم دل نہ پایا
خود اپنے حضور اوسے بلانا
اک درد جگر مین لادوا ہے
مدت سے یہ جستجو ہے ہمکو
مطلب بر آئیگا ہمارا
دنیا مین رہون گا یا مین ناشاد
گھبرا نہ تیرا ہے بول بالا
پر دل سے یہ کہتا تھا وہ غمگین
پر تجھسے امیدوار ہون مین
روتا تھا سحر سے لیکے تاشام
تھی راس و چپ ایستادہ خدام
دی اوسنے دعا قریب آکر
صدمہ کس بات کا ہے دلبر
شاید یہ کوئی ہے مرد کامل
تم بلکہ خود اسکے لینے کو جاؤ
بر لائے مراد دل ہماری
دوڑا خود اور تمام خدام
پھر خاطرین کین بہت بہ تکریم
بیفائدہ پوچھنا ہے ہمسے
کیجے گا مرے لیے دعا کچھ
تو آئیے بیٹھیے عنایات

سنکر یہ کلام شاہ درویش — بولا اسطرح سے وہ درویش
درویشون سے حال کچھ چھپا ہے — فضل حق سے کھلا ہوا ہے
سنکر یہ سخن وہ شاہ دانا — سر قدمون پہ اوسکے رکھکے بولا
اے ضیغم بیشہ کرامت — تبلاؤ یہ ازرہ عنایت
قسمت مین ہمارے بھی ہے اولاد — بسکے اس غمسے ہونگے آزاد
طالع کب ہوگا نجم اقبال — ہم کونسے روز ہونگے خوشحال
بولا وہ فقیر نیک خصلت — ای کشتۂ درد و رنج و حسرت
لڑکا تو نصیب مین نہین ہے — لیکن ایک دختر حسین ہے
تمکو ہوگی اوسی سے تسکین — اوٹھا یہ کہکے وہ خوش آئین
شہ نے کہا بیٹھیے ذرا اور — باقی اتنا ہے پوچھنا اور
آخر کوئی ایسی بھی ہے صورت — بیٹا جو خدا کرے عنایت
بولا وہ صاحب کرامت — بندے مین تو یہ نہین ہے طاقت
یہ کام ہے خالق جہان کا — ہمکو نہین دخل اسمین اصلا
دختر تو خدا ضرور دیگا — لیکن اک رشک حور دیگا
خوش طینت و نیک بخت ہوگی — وہ وارث تاج و تخت ہوگی
سن لو مری اتنی اور تم پند — رکھیے گا اوسے بہت رضامند
بے حکم نہ اوسکے حکم دینا — ہر کام اوس سے پوچھ لینا
رد اوسکی نہ بات کوئی کرنا — بے اوسکے کہین نہ گام دھرنا
سنکر یہ سخن شہ ہنرور — کچھ شاد ہوا تو کچھ مکدر
بولا عاقل بھی کرکے منت — کچھ آپ نے ازرہ عنایت
مجھکو نہ بتایا شاہ صاحب — محروم رہا مین واہ صاحب
مین بھی اسی رنج سے حزین ہون — کچھ اور مین چاہتا نہین ہون
مجھکو بھی یہی ہے اب تمنا — فرماؤ زبان سے تم اتنا
میرے بھی نصیب مین ہے فرزند — اس غم مین رہیگا بندہ تا چند
بولا عاقل سے تب وہ درویش — تو دل مین نہ اپنے کر تشویش
تیری قسمت مین اک پسر ہے — اس بات کا دھیان ہان مگر ہے
جب تجھکو خدا پسر وہ دیگا — اوسوقت یہ شاہ چھین لیگا
پا لیگا اوسے بجای فرزند — دل اوس سے کریگا اپنا خرسند
یہ سنکے ہوا وزیر خرم — سجدہ کیا شکر کا اوسیدم
فرمایا شہ فلک حشم نے — بیٹا کیا تیرا بیٹا ہم نے
منگوا کے اوسیدم ایک خلعت — درویش کو خود کیا عنایت
پھر شاہ ہوا محل مین داخل — گھر اپنے گیا وزیر عاقل
القصہ کہ بعد عرصۂ چند — دونونکو ہوئی امید فرزند
جسوقت خبر ہوئی یہ شہ کو — خوش دل مین ہوا بہت وہ خوشخو
عاقل سے پھر اوسنے کہا حال — بولا خوش ہوکے وہ خوش اقبال
گھر مین مرے بھی ہے خوش اطوار — آثار حمل کے ہین نمودار
خرم تھے بہت وزیر اور شاہ — جب خیر سے کٹ گئے وہ نو ماہ
دونونکو دیے خدا نے فرزند — نخل حسرت ہوئے برومند
دختر ہوئی شہ کے گھر مین پیدا — عاقل کو دیا خدا نے بیٹا
افراط خوشی سے شاہ نے پھر — تقسیم کیا زر و جواہر
انعام مین بانٹے زر کے توڑے — خلعت دیے لاکھون لاکھ جوڑے
چھڑوا دیے سیکڑون گنہگار — آزاد کیے غلام دو چار

پیدا شدن دختر بخانہ بادشاہ و طلب کردن رمالان و شاد شدن ہمہ

ساقی تیرے صدقے تو کہان ہے — ہے وقت عجب عجب سمان ہے
دے بادۂ عیش کا کوئی جام — چھا جاتے ہین آج ایک گل اندام
کیا شغل شراب آج بھی ہے — ہے میرے خمیر مین ملی مے
طفلی ہی سے شوق میکشی ہے — گھٹی کے عوض شراب پی ہے
پروردۂ شیر دخت رز ہون — پاؤن تو مین خم کی خم چڑھا لون
ساغر دو چار دے مری جان — لکھا ہے مجھے چھٹی کا سامان

جس روز کہ دن چھٹی کا آیا
مہمان ہر ایک کو بلایا
مہمان نکھر نکھر کے آئے
روپ اپنے ہر ایک نے دکھائے

وہ مجمع تھا ہر ایک وہ جوبن
وہ ناز و ادا وہ شوخ چتون
وہ قاتل ہوش بانکپن تھے
پامالی عشق کے سب چلن تھے

وہ بیگموں کا کبھی اترانا
ارباب محل کا وہ نکھرنا
آپس میں گلے لپٹ لپٹ کر
کہتی تھی ہر ایک ماہ پیکر

آنکھیں مری ڈھونڈتی ہیں جسکو
پچھوا ابھی کبھی نہ بھیجا جسکو
اللہ ری زندگی بے مروت
کیا تجھسے ہوئی ہے مجھکو نفرت

درباریوں کا وہ شور در پر
ہنگامہ وہ ناظروں کا اندر
ایک دھوم محل میں چار سو تھی
گلرنگ تھی جو کہ ماہ رو تھی

ایک بارہ دری سجی ہوئی تھی
طیاری سب اوسکی نور کی تھی
واں ہوتے تھے جمع سارے مہمان
طرفہ عالم عجب تھا سامان

آپسکی وہ چھیڑیں اور چہلیں
بیچین تھی ایکایک انہیں
بیٹھی کوئی ناز سے کسی جا
کرتی تھی کسی سے کوئی غمزا

وہ ڈومنیوں کا ناچ گانا
انعام وہ بار بار پانا
وہ زہرہ مثال تھیں گلے باز
چھیڑتی تھی کہیں وہ لوچ کے ساز

گیا ہوش ربا تھا اونکا گانا
تھا لو لیے چرخ کو بھی سکتا
شہنا کی دھنیں وہ قاتل ہوش
نوبت کی صدائیں راحت گوش

چلنے لگیں شلکیں جو یکبار
تھرا اوٹھا سپہر دوار
وہ توپیں تھیں عدو سے ہم آواز
رنجک کی چمک تھی برق انداز

رمالوں کو شہ نے پھر ملا کر
فرما کے پھر اوسنے حال اختر
ارشاد کیا کہ فرخ پے کو
اتنا ہمیں دیکھ کر بتا دو

خوش وقت یہ ہو گی ماہ پارا
طالع کا نیک ہے ستارا
سنتی ہی یہ حکم شاہ سب نے
کچھ شکلیں بنائیں نقش لکھے

کھنچے کبھی زائچے کسی نے
لکھے کبھی دائرے کسی نے
کچھ اونگلیوں پر شمار کر کے
کچھ دائروں پر بھی ہاتھ دھر کے

پھینکے تختی پہ جو ہیں پانسے
کہنے لگے سب یہ شہ جہاں سے
ہو شاہ کا مرتبہ دو بالا
خوش رکھے ہمیشہ حق تعالی

وہ زہرہ جبین نصیب ور ہی
طالع کا ستارہ اوج پر ہے
سب مطلب شہ حصول ہو گا
کھلکر یہ غنچہ پھول ہو گا

روشن رہیگا چراغ امید
پھولیگا پھلیگا باغ امید
کھٹکا اتنا تو ہاں مگر ہے
دس سال تلک اسے ضرر ہے

پیدا ہوئی تھی یہ ماہ رو جب
اوسدن تھا قمر میان عقرب
منحوس یہ سال جب تلک ہیں
خطرات اسے تہ فلک ہیں

آئی نہ یہ زیر چرخ اخضر
دس سال تلک نہ نکلے باہر
تہ خانہ میں پرورش ہو یہ ماہ
حد کی ہو احتیاط اے شاہ

فرق اسمیں ہوا تو پیر و مرشد
ہوگا بت اسکی واسطے بد
روا اسکا سخن نہ کیجیے گا
رنج اسکو نہ کوئی دیجیے گا

بن اسکے نہ کیجیے گا کوئی کام
اور اسکا غزالہ رکھیے گا نام
عاقل سے کہا کہ اے خوش انجام
گل پیرہن اسکا رکھیو تم نام

اسکے لیے کچھ ضرر نہیں ہے
تقدیر کی پر خبر نہیں ہے
آغاز سے لیکے تا بہ انجام
خنداں یہ رہیگا صورت جام

ہر روز بڑھیگی عزت و جاہ
دس سال غزالہ ہو گا یہ ماہ
سنکر یہ کلام شاہ و دستور
دلمیں ہوئے اپنے شاد و مسرور

خلعت اونھیں دیے اور جاگیر
رخصت سبکو کیا بہ توقیر
طیاریاں پھر ہوئیں چھٹی کی
تھی شہر میں دھوم اس خوشی کی

ارباب نشاط کو بلایا
محفل کو قرینے سے جمایا
وہ سیکڑوں طائفوں کا آنا
اندر باہر وہ ناچ گانا

جھرمٹ وہ مطربوں کے ہر سو
ایک سمت وہ بھانڈ اور پریرو
طبلوں پہ لگیں وہ پڑنے تھاپیں
پہونچیں گردوں پہ وہ الاپیں

اندر کہیں جو نے والیاں تھیں	سب یار نگی دیکھی بھالیاں تھیں	وہ بکھی نکھار آفت ہوش	وہ موتی کے جھالے زینت گوش
تا سے وہ دیکھنا زچا کا	تیغون کا وہ اوسکے سر پہ سایا	جوڑا پہنے ہوئے وہ بھاری	اک ماتھے پہ موتیون کی پٹی
نکلا ہوا کس ادا سے گھونگھٹ	ارباب محل کا گرد اک غٹ	بلبلو نہیں دیے ہوئے وہ سب ہاتھ	اسپند بھی بھم چشم بد ساتھ
کس ناز سے صحن مین وہ آنا	وہ ضعف سے پاؤن تھر تھرانا	افشان وہ جبین پہ جلوہ آرا	ٹیکا صبح جبین کا تارا
کاجل کی وہ آنکھوں مین گھلاوٹ	مستی کی لبون پہ تھر تھراہٹ	وہ ناک مین نتھ کی خوشنمائی	رونق زیور نے اوس کو پائی
وہ زرد ہوئی تھی گوری رنگت	حد سے تھی زیادہ وہ نقاہت	آغوش مین وہ بلند اختر	ہالے مین ہو جیسے ماہ انور
بشاش ہر ایک ماہ طلعت	اک شور مبارک و سلامت	شور نقارہ و دہل تھا	میر اسنون کا جدا یہ غل تھا
واری ولوا سے پچھاور	انعام مین لونگی جھولی بھر	ہے آج ہمارے لینے کا دن	ہے آج حضور دینے کا دن
دروازے پہ شور شادیانہ	اٹھا ہوا سیر گو زمانہ	پائی رسمو نسے جب فراغت	ازبسکہ تھی سستی و نقاہت
کمرے مین بچھی تھی جو سہری	کس ناز سے اوسپہ جا کے بیٹھی	خلعت کیے سبکو بہ عنایت	انعام دیا بقدر رغبت
	مہمان سب اپنے گھر سدھارے	رخصت ہوئے طائفے بھی سارے	

اصرار کردن غزالہ از مادر و پدر خود برائے سیر و بیرون آمدن از تہ خانہ

ساقی کوئی پھول بھر کے دے جام	تا سیر چمن ہو آئے گل اندام	بٹھا رہون گوشہ گیر کب تک	بیچم رہون اسیر کب تک
دیکھوں کیفیت جہان کچھ	خط زیست کا پاؤن جھر بام	اس کنج الم سے جلد نکلون	قید غم سے کہین رہا ہون
تنہائی کے رنج سہتے تاکے	اک گوشے مین بیٹھے ہین تاکے	اب لین ہوائے بوستان ہے	گلگشت کا شوق سیر جان ہے
تہ خانے ہی مین غرض شب و روز	پلنے لگی وہ مہ دل افروز	منحوس دنون سے تھی جو وحشت	کرتے تھے کمال سب حفاظت
بند اوسکے کیے تھے سارے روزن	دیکھے نہ صبا بھی تاکہ دامن	جب خیر سے گذرا اوسپہ اک سال	بانٹا ماں باپ نے زر و مال
وہ مہ ہوئی پانچ سال کی جب	بسم اللہ دھوم سے ہوئی تب	رکھی گئی نوکر ایک آتو	تعلیم ہو تاکہ وہ سمن رو
خدمت مین جو اوسکی تھین خواصین	مہ پارہ تھی ایک ایک لاکھ مین	سن اوسکا ہوا جو ہشت سالہ	جوبن اوسنے غضب نکالا
نہ سالہ ہوئی جو وہ پری رو	پائی آفت کی چشم و ابرو	فرزند وزیر و دختر شاہ	باہم تھی برنگ زہرہ و ماہ
باہم کب تھے وہ قرۃ العین	اک برج مین تھا قران سعدین	اک روز کہا اسطرح یہ مذکور	ماں باپ سے اپنی بولی وہ حور
رہنا نہیں یہاں ہمین گوارا	گھبراتا ہے دل بہت ہمارا	تہ خانے مین ہو نہیں زندہ گور	باقی نہیں ایک روزن نور
کب تک رہون تہ گل راز پنہان	انسان ہون نہیں کہ حیوان	سنتی ہون کہ ہے رخ کی صورت	ہے صبح بھی کوئی چیز حضرت
کہتے ہین کہ آسمان بھی ہے	معلوم نہیں کہ ہے وہ کیا شے	کس چیز کا مہر و ماہ ہے نام	فرمایئے آتے ہین وہ کس کام
سنکر یہ کلام اوس قمر سے	الفت سے کچھ اوسکی کچھ خبر سے	ماں باپ لگے حساب کرنے	وہ گل لگی ٹھنڈی سانس بھرنے

بولی پھر لاڈ سے مچل کر
اب جلد نکالو مجھکو باہر

رہنے کی نہین یہانین جا شا
دیکھونگی سحر کا مین تماشا

کیا قید مجھے کیا ہے تمنے
آفت مین پھنسا دیا ہے تمنے

کیسے مین یہ آپ مرے شیدا
کاش اس سے تو ہوتی مین نہ پیدا

سمجھانے لگا وہ شاہ والا
ضد اتنی کرو نہ جان بابا

نکلوگی تم آج کل مین گھر سے
آگاہ نہین تم اس خبر سے

ماں بولی گلے لگا کے واری
بیزار اداس ہو تمہاری

صدقے گئی رنج تم نہ کھاؤ
اپنے دلکو نہ تم کڑھاؤ

دو چار ہی دن ہے اے گل تر
مین تمکو نکالتی ہون باہر

گلگشت چمن کا گر ہوا ارمان
تو شوق سے جائیو میری جان

شہ نے اوسوقت باہر آکر
فرمایا وزیروں کو بلا کر

دو حکم یہ کوتوال کو جلد
آراستہ چوک سارا ہو جلد

باہر نکلے گی شاہزادی
برپا ہووےگی بزم شادی

دوکانین ہون شہر بھر کی رنگین
طیار ہون لوگ حسب آئین

آراستہ ہون تمام بازار
ہو پست و بلند راہ ہموار

ہر ایک مکان بھی وہ سجا جائے
قصر قیصر کو جسپہ رشک آئے

طیار ہو جلد ایک نیا باغ
فردوس کی جسپہ ہو داغ

نام اوسکا غزالہ باغ دھرنا
آراستہ خوب اوسکو کرنا

پہونچا جو وقت حکم سرکار
حاضر ہوئے باغبان و معمار

ہونے لگی باغ نو کی تعمیر
جسطرح ہو بوستان تصویر

نو ماہ مین ہوگیا وہ طیار
رضوان کو بھی دیکھ کر ہو خار

حمام نمودن غزالہ و آراستہ شدہ در باغ نو تعمیر رفتن

ساقی مے آتشین کا دے جام
تا گرم مین ہو کے جاؤن حمام

دل چھان دیا ہے خار غم نے
دیکھا نہین کچھ جہان کا ہم نے

خوب آج چھکون ترے کرم سے
باہر نکلوں گا قید غم سے

پیکر مین شراب ارغوانی
کچھ دیکھون بہار نوجوانی

سنتے ہین بہار پر ہے گلشن
ہے لالہ و گل پہ زور جوبن

اک جام مے طرب بھی لونگا
ارباب نشاط کو سنونگا

اب لکھنا ہے مجھکو وصف شادی
حمام کریگی شاہزادی

آیا جو ہین دن وہ عشرت اندوز
تھی جسکی خوشی اوسے شب و روز

ہونے لگے جمع سارے مہمان
شادی کا ہوا درست سامان

طیار رہی وہ حاضری کی اک جا
مجلس کی بنا کہین تھی برپا

طیار رہی وہ رت جگے کی شب بھر
سہنک کی دھوم دن کو اندر

سیدانیوں کا وہ کونڈے کھانا
وہ لوگونکا منتین بڑھانا

اک دیتی تھی دونے پر گھری نیاز
روزہ کوئی کھولتی تھی دمساز

ماں اوسکی بھی منتین بڑھاتی
افراط خوشی سے کانپی جاتی

گر مانگتی اوس سے کوئی انعام
کہتی کوئی گھبرا کے وہ گل اندام

دم لے دم لے ذرا ٹھہر جا
دونگی دونگی مین اچھا اچھا

ہنگامہ اہل بزم اک سو
ہر سمت محل مین جمع مہرو

چہلین اک سو وہ کم سنونکی
آمد وہ شباب کی دنوں کی

نوبت کی ٹکورین تھین وہ دلکش
کرتے تھے ملک بھی سنکے الغش

میراثنوں کا شہانی گانا
آفت کا وہ ناچنا بتانا

نکھری ہوئی وہ ہر ایک خوش بین
وہ جوڑے گلے مین سب کے رنگین

آراستہ یہان بھی بزم شادی
حمام گئی جو شاہزادی

کرنے لگی غسل وہ دل آرام
نہلانے لگی ہر ایک گلفام

تھا ایک کے پاس طشت زرین
کیسہ کرتی تھی کوئی خود بین

اک حور لیے تھی تیل بیسن
کنگھی کرتی تھی کوئی پرفن

وہ پریوں کا ہاتھوں اوسکو دھونا
تلوونکو ملنا اوسکے جھانون ہونا

وہ تیوری چڑھا کے سسکی بھرنا
فرصت پائی جو ہین نہا کر
مسی کا وہ لعل لب پہ جوبن
لاکھا اس رنگ سے جمایا
کٹ نے یہ جبین تھی اوسکی افشان
پوشاک کی کشتیان منگائین
آراستہ کر کے تن پہ گہنا
بھکین بالیان کانو مین جڑاؤ
بجلی وہ ہر ایک زینت گوش
پرتاب جڑاؤ تھا وہ اک طوق
خوش آب وہ موتیونکا مالا
اون پہ جو چونکی جو دیکھین صنعت
جسوتنت پہن چلی وہ گہنا
حسن اطلس چرخ سے بھی افضل
ٹھپا عجب اوسمین خوشنما تھا
انگیا کرتی جواہر آگین
پاجامہ اساوری کا پر نور
وہ صبح جبین تھی صبح جنت
وہ چشم تھی اوسکی زیر ابرو
ونبار کب اونمین سرمے کا تھا
عارض اوس شوخ نازنین کا
سمجھا مین یہ بعد نکتہ بینی
بخشین جو حیات جاودانی
خون ریز جہان تھی تیر مژگان
کیا کہیے دہن تھا اوسکا کیا تنگ

بجلین وہ ہو گئے غمزے کرنا
روشن کیا جامہ خانہ آ کر
گلبرگ بنا تھا برگ سوسن
جو لعل یمن کو رشک آیا
انجم دم صبح تھے نمایان
زیور کی بھی کشتیان اسکے آگے تھین
موقع سے جواہر اوسنے پہنا
یا بیٹھے تھے برگ گل پہ جگنو
تھی برق برائے خرمن ہوش
رکھتا تھا ہلال پر بھی جو فوق
مہتاب کے گرد جیسے ہالا
حورین لگین اپنے دست حسرت
جھومر ابھی غضب کا اوسنے پہنا
تھی رشک شعاع مہر آنچل
ٹیکا وہ تیغ برق کا تھا
موتی کے عوض لگے تھے پروین
تابندہ بہ رنگ اطلس طرہ
ہر چین تھی موجہ لطافت
شمشیر بکف تھا یا کہ آہو
بیمار کے ہاتھ مین عصا تھا
تھا حسن مین چاند چودھوین کا
تھی آتش لب کا شعلہ بینی
تھی موجہ آب زندگانی
ادنی ہدف اونکے تھے دو جان
قارونکی بھی لیے تھا اسو

وہ پاؤن سمیٹ لینا ہر بار
آتے ہی سنگار دان مانگا
اونچی چوٹی وہ نور کی تھی
کاجل نہین آنکھ مین تھا زنہار
وہ گوہر بحر حسن و خوبی
زیور وہ جڑاؤ اونمین نادر
چمکا وہ موتیونکا سر پہ
ٹیکا وہ جبین پہ جلوہ آرا
بھالے کی وہ لو دکے رخ پہ تزئین
بازو پہ وہ نورتن کا جوبن
ہاتھون مین مجرا لگا کے تھی
تھی پاؤنمین نور کی وہ خلخال
وہ تار کشی کا اک دوپٹا
پر نور تھا ایسا جسکا پرتو
سورج کی کرن کرن تھی اوسکی
تھی بیچ قمر ہر اک کٹوری
وہ ٹھاٹھ وہ نور کا سراپا
آنکھین اُستاد ساحری تھین
بینی کے قریب کب تھے ابرو
عارض تھے وہ رشک صبح امید
بینی تھی وہ موج چشمۂ نور
یاقوت سے بھی وہ لب تھے خوش رنگ
پلکین تھین نشتر زن رگ جان
وہ دانت تھے تیغ لب کے جوہر
تھا سینہ تختی لطیف حد کا

وہ گھر مکیان ہنسکے دینا ہر بار
نکھری کیا کیا وہ شوخ زیبا
گویا کہ وہ چوٹی طور کی تھی
اک مست کے ہاتھ مین تھی تلوار
پھر عطر مین موتیے کے ڈوبی
دو چار مین بے بہا جواہر
انجم شب تار مین منور
تھا کہ صبح امید کا ستارا
پہلو مین قمر کے عقد پروین
سیارے فلک پہ جیسے روشن
تارے پہ عید مین جڑے تھے
دل خلق کا جس سے ہو وے پامال
ہم رنگ شفق تھا رنگ جسکا
تھا چادر مہ سے بھی وہ پر ضو
سب موتیون کی بنت لگی تھی
تار رگ لعل تھی وہ ڈوری
ایسا نہین حور کا سراپا
نشہ مین شراب کے بھری تھین
شہباز نے وا کئے تھے بازو
مہتاب کہون انھین کہ خورشید
محراب مین یا تھی شمع کافور
کب لعل مین ہو اوسسے ہم سنگ
تھے جنکے دلونمین زخم پنہان
قربان ہو جسپہ سلک گوہر
کہیے کہ وہ سیمین تھا نخل قد کا

عالم تھا چہ ذقن پہ مائل
وہ کان تھی برگ گل سے خوشتر
اس درجہ ملیح تھا زنخدان
وہ زلف سیہ تھی زینت دوش
کیا آن ادا خدا نے دی تھی
وہ چھاتیونکی غضب تھی سختی
آئینہ کی طرح پیٹ تھا صاف
تھی اوسکی کمر بعید از فہم
ہاتھون مین حنا کی وہ تزئین
پر نور تھی اوسکی کیا کف پا
انداز و ادا کرشمہ و ناز
بن ٹھن چکی جب وہ ماہ تابان
نکلی جو چمک گئے وہ پری وش
اوس وقت عجیب اک خوشی تھی
شادی ہو یہ آپکو مبارک
کرنے لگے نقلین سارے نقال
میعاد مین فرق پڑ گیا تھا
القصہ کہ باغ تزئین وہ گل
ایسا تھا وہ گلشن نگارین
طاؤس کے طرف تھی رقصان
کرتی تھین وہ شور آبشارین
وہ نہر چمن کی آبداری
شمشاد کسی طرف لب جو
قمری سو ہو گئین شیشیان حنا کی
تھا سرخی لالہ سے یہ روشن

قید اوسمین تھی لاکھون اوسکے قول
یا پہلوئے مہ مین وہ تھی اختر
زیبا ہی اگر کہین نمکدان
عشاق کے سوگ مین سیہ پوش
چھپ تھی وہ اوسکی نور کی تھی
کب سیب مین ایسی ہی کرنتی
گرداب محیط حسن تھی ناف
تھی تار نگاہ دیدۂ وہم
تھی پنجۂ مہر دست رنگین
تھی عارض حور یا کف پا
اوس غیرت حور کے تھی دمساز
اک قدرت حق ہوئی نمایان
زہرہ کو فلک پہ آگیا غش
اک دھوم محل مین مچ رہی تھی
کہتی تھی تمھین بھی ہو مبارک
بٹنے لگا سبکو پھر زر و مال
بنکر نقشہ بگڑ گیا تھا
داخل ہوئی پھر بصد تجمل
رضوان جس باغ کا تھا گلچین
وہ نغمۂ طائر خوش الحان
بگلونکی وہ ابر مین قطارین
شاداب وہ ایک اک گیاہ تھی
غیرت افزائے قد دلجو
شوخی روشونپہ وہ صبا کی
گویا پھولی ہو شام سوسن

تھا چاہ ذقن پہ خال خوشتر
ایسے بن گوش تھے وہ پرضو
تھی صبح جبین کی شام زلفین
سانچے مین ڈھلی ہوئی تھی گردن
سینہ تھا برنگ لوح بلور
یا گوہر دلبری کی تھین درج
کیا پایا کمر کو اوسکی جو یا
ساعد یون آستین مین پرنور
ساقین تھین وہ شاخ نخل طوبا
بوٹا سا وہ قد تھا اک قیامت
چتون کی بناوٹین وہ آفت
مشاطہ نے اوسکی لین بلائین
سچ تھی جسے ماہ نے چھپایا
شہزادی کی مان کے پاس آکر
جمع وہ پری رخان کا ہر سو
تو یونکی صدا سے تھی فلک تنگ
تھا اسمین بخت بد کا لکھا
وہ باغ تھا رشک باغ شداد
وہ قہقہہ زنان چکور ہر سو
وہ ابر سیہ کا گھر کے آنا
وہ نالۂ رعد عاشقانہ
وہ بلبل باغ کا چہکنا
وہ عطر فروش نکہت گل
لالہ جو کھلا تھا قرب سوسن
سرخی روشونپہ وہ کٹی تھی

رعنا تھا کنوئین مین یا کبوتر
شرمندہ ہو جس سے شمع کی لو
ہر طائر دل کی دام زلفین
تھی نور مین مثل شمع روشن
چھاتی تھی ہر ایک قبۂ نور
یا قلعۂ حسن کے تھے دو برج
آئینہ مین عکس ہو تھا گویا
فانوس مین جیسے شمع کافور
پر نور تھین مثل دست بیضا
یا نخل مراد تھی وہ قامت
آنکھونکی لگاوٹین قیامت
مان باپ نے دی بہت دعائین
خورشید بھی سامنے نہ آیا
کہتی تھی یہ ہنسکے ہر گل تر
وہ صحن محل مین سبکے حق ہو
پر دہر کا دیکھنا تو نیرنگ
اک روز وہ سامنے ہو آتا
خوشتر قد حور سے تھی شمشاد
وہ سرو پہ قمریون کی کوکو
بجلی کا وہ اوسمین کوند جانا
مرغان چمن کا وہ ترانہ
ہر گل کا چمن مین وہ مہکنا
وہ طرۂ حور زلف سنبل
طرفہ وہ دکھا رہا تھا جوبن
گویا جدول کھچی ہوئی تھی

وہ شاہ بہار کا تجمل ۔ وہ کثرت فوج لالہ و گل
اشجار نہال پھول پھل سے ۔ محفوظ خزانے سب خلل سے
لالے کی چمن کا ڈنڈ ہانا ۔ سبزے کا کہیں وہ لہلہانا
شاخ پر میوہ جھومتی تھی ۔ ہر بار زمین چومتی تھی
وہ روکش باغ خلد گلزار ۔ سبزے پہ گل پیادہ اسوار
کوئل کہیں کوکتی کہیں مور ۔ پی پی کا پپیہے کے کہیں شور
غنچوں کا کسی طرف چٹکنا ۔ وہ آتش لالہ کا دہکنا
کوٹھی ایک بیچ میں گلان کی ۔ ہم رتبہ قصر آسمان تھی
آئی جسوقت وہ سمن بر ۔ کرنے لگی سیر گلشن تر
گل پوش سمن بر اوسکی ہمراہ ۔ اک رشک چمن کی ہاتھ میں ہاتھ
انداز و ادا دکھاتی آئی ۔ غنچے سے وہ مسکراتی آئی
گلگشت میں محو تھی وہ گلرو ۔ خوش خوش پھرتے تھی لگے ہر سو
اٹکھیلیاں کرتی پھرتی تھی ایک ۔ آہیں کہیں بھرتی پھرتی تھی ایک
بالی میں پروتی تھی کوئی پھول ۔ تھی سیر چمن میں کوئی مشغول
اک نہر میں منہ کو دھو رہی تھی ۔ زیر شجر ایک سو رہی تھی
اوس باغ میں الغرض شب و روز ۔ نور فور رہی وہ گلشن افروز
رخصت کا جو سبکے روز آیا ۔ جانے سے ہر اک نے جی چرایا
منظور کسی کو تھا نہ جانا ۔ کرنے لگی ایک اک بہانا
ایسا بنایا تھا وہ گلستان ۔ جاتے نہ تھے وہاں سے مہمان
سہیلوں سے سبکو کر کے رخصت ۔ خود رہ گئی واں وہ بہ فرحت

ماندن غزالہ در باغ بہ عیش و عشرت تمام و جا بسادن لشکر و آمدن تجلی بالا ہو و بدن تجلی اثر سر سنگ و رنگ و ماہ چتن او بر غزالہ

اے ساقی جم حشم دل آرام ۔ دے بادہ لالہ گون کا اک جام
رنگین مزاج ہون شرابی ۔ بھر دے کوئی پھول سی گلابی
چندے اس باغ میں رہونگا ۔ رنج غم عشق کچھ سہونگا
ساقی سے عشق سے چھکا دے ۔ کیفیت نشہ کچھ دکھا دے
منظور ہے داغ عشق دینا ۔ جنس غم و درد مول لینا
جوبن اپنا ذرا دکھائیں ۔ عاشق کو کشش سے کھینچ لائیں
کھٹکے سینہ میں خار الفت ۔ دیکھیں ہم بھی بہار الفت
نیرنگی عشق کی کریں سیر ۔ کچھ دلپہ اوٹھائیں صدمہ غیر
جس دل میں نہووے درد الفت ۔ کیا زیست کی اوسکو ہو حلاوت
بے عشق جیے تو کیا جیے ہم ۔ واللہ کہ بے مزا جیے ہم
رہنے لگی باغ میں وہ گلفام ۔ گھر بھول گئی ہر اک دلآرام
کرنے لگی عیش رات دن وہ ۔ وہ حسن و شباب اور سن وہ
ہر روز تھا ایک جشن جمشید ۔ ہر شب تھی برنگ صبح امید
جب چودھویں برس میں ہوئی وہ داخل ۔ یعنے ہوا ماہ حسن کامل
حسن اوسنے بلاے جان نکالا ۔ ہر نوک مژہ تھی دلکو بھالا
بیٹھی تھی وہ ایک دن لب بام ۔ پاس اپنے لیے کئی گل اندام
برسات کا اون دنوں تھا موسم ۔ اوس باغ پہ تھا عجیب عالم
گھنگھور گھٹا گھری ہوئی تھی ۔ بجلی ہر بار کوندتی تھی
سہ پارہ تھے دل کا وہ دہلنا ۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا وہ چلنا
نہرین لہراتیں تھیں یکسو ۔ جوبن دکھلا رہی تھی شبو
وہ ابر گہرفشان کا ایک شور ۔ جھنکارتے تھے کسیطرف مور
آئینے کی شکل برگ اشجار ۔ دکھلاتی تھی نور اپنا ہر بار
وہ جلوہ نما تھا لال بادل ۔ سبزہ تھا وہ رشک سبزہ مخمل
کرسی پہ غزالہ جلوہ گر تھی ۔ کیفیت باغ پر نظر تھی
گرد اوسکے سہیلیاں کھڑی تھیں ۔ ایک ایک تھی اوس میں رشک شیرین
ہمسن کئی لڑکیاں چنچل چالاک ۔ ٹھاٹھ اونکے ستم غضب کی پوشاک
جوڑے تھے گلوں میں زعفرانی ۔ اپنا بھی لباس ارغوانی
شوخی سے وہ آنکھ کڑکڑائیں ۔ نرگس کو وہ آنکھڑیاں چھپائیں

ہمسر ہو جو رخ سے غنچہ و گل
لب سے جو ہو برگ گل مقابل
بیٹھی تھین جو چند محرم راز
کیا شے یہ خدا نے خلق کی ہے
آئینہ اوسی گھڑی منگایا
بہتر نہین شخص کوئی واللہ
لونڈی کا نہین یہ مدعا تھا
سنکر یہ سخن کہا وہ کیا تھا
ذکر اور کری حضور کیجیے
سنکر یہ سخن وہ شوخ گلفام
از بہر خدا بیان کر کچھ
کہنے لگی وہ پری شمائل
مقصد ہے مرا یہ اے غزالا
شیرین ہے مگر نہین ہے فرہاد
بدتر کہین خار سے ہے وہ گل
تو مجھسے بھی گریبان ہے کرتی
دنیا مین کوئی ہے میرا ہمسر
کہنہ مخمل کا اک بچھا کر
دینے لگی کوئی پلنگ معزور
گھیرے ہوئے اوسکو سب کھڑی تھین
وہ ابر کا آسمان پہ آنا
ڈوبی ہوئی جس مین سبکی آواز
وہ زہرہ ادا اوچھل رہی تھین
مرغان ہوا تھے مست و مدہوش
سنتے ہی یکایک اوس پری کے

تو منھ کی وہ کھا گئے تامل
پژمردگی اوسکو ہو تو حاصل
ایکسا اونہین سو دو ذرا نازہ
تاثیر عجیب کچھ اوسکو دی ہی
دیکھا حسن اپنا اور دکھایا
بیمثل جہان مین تمہی ہو ماہ
مطلب کچھ اور ہی مرا تھا
آخر وہ امر کونسا تھا
اس تذکرے ہی کو دور کیجیے
بولی حسن سے کہ اے دل آرام
تو دل مین یہ اپنے دھیان کر کچھ
کہنے کی نہین یہ بات قابل
ہو تجھسے قمر کا کوئی ہالا
لیلی ہے نہین ہے قیس ناشاد
جسکا کہ نہو سکے کوئی بلبل
کچھ تجھسے نہین تو دلمین برسی
مین حور و پری سے بھی ہون بہتر
تخت پہ وہ حور بیٹھی جاکر
ساون گانے لگی ہر اک حور
جس طرح سے گرد ماہ پروین
ہر ایک کا وہ ملار گانا
وہ آفت جان مہ نکا انداز
شہنائیان بھی بج رہی تھین
قد سے تھی فلک ہے سر آغوش
پھیلی اک کناری کسی نے

جو بن زلفون کا گر دکھائین
شمشاد و قد جو وہ نظر آئین
یہ حسن بھی ہے عجیب دولت
بولی ملکہ کہ اے گل تر
کہنے لگی ہنسکے وہ یہی ہمدم
رخ ہے ترا رشک صبح امید
یہ کہکے وہ شوخ آفت ہوش
کہنے لگی وہ نگار دلجو
اس امر مین جان کا ہے کھٹکا
ہمکو بیٹی اگر چھپا کے
اصرار کیا کمال اوسنے
کرتی ہین حضور اب جو اصرار
پروانہ ہی بہر شمع درکار
بے عشق نہین ہے حسن کا لطف
بولی ہنسکر وہ غیرت حور
جی یار کو ڈھونڈھتا ہے تیرا
یہ کہکے اوٹھی وہان سے وہ ماہ
کہنے لگی کوئی چنگ دینا
اوسوقت عجیب اک سما تھا
بکھری ہوئی تھین وہ سب نگارین
ہر تان تھی برق خرمن ہوش
وہ غنچہ نغمہ کا چٹکنا
ہر ایک کا نور کا گلا تھا
مستی جو کچھ اوس پری پہ چھائی
اوس گل کی ابھی لگی تھی آنکھ

سنبل کو بھی پیچ مین وہ لائین
خجلت سے زمین مین سرو گڑ جائین
سچ ہے کہ بلا ہے اچھی صورت
مجھسے بھی ہے کوئی شخص بہتر
اے غیرت شاہدان عالم
ذرہ ترے سامنے ہے خورشید
بس ہوگئی مثل غنچہ خاموش
جانے دو یہ حال تم نہ پوچھو
ہرگز نہین یہ مقام ہٹ کا
گر پیچ نکیجے تو حلوہ کھائے
اظہار کیا ملال اوسنے
تو کہتی ہون اب مین جاو ناچار
گل پہ ہو نثار بلبل زار
عاشق سے ہے زیست کا مزا لطف
کچھ خیر ہے رنڈی چل نکچی دور
رکھتی ہے مگر تو مجھسے جدا
جھولے کی طرف کو اوسنے لی راہ
آنا کوئی ہاتھ تھام لینا
ساون کیا رنگ ہو رہا تھا
جوبن کی دکھاتی تھین بہارین
ہر فقرہ تھا زہرہ کا در گوش
بلبل کی طرح سے وہ چہکنا
گلشن مین سماں بندھا ہوا تھا
جھولے پہ غنودگی سی آئی
جو دفعتہ اوسکی کھل گئی آنکھ

دیکھا گھبرا کے پھر چپ و راس
اوس وقت کوئی نہ غیر تھا پاس

کیا دیکھتی ہی وہ شوخ خوش بخت
بالاے ہوا کھڑا ہی اک تخت

نزدیک ہی کہ بلاے ناگہانی
قد آفت و قہر آسمانی

آنکھین ہین مشعل کی طرح روشن
پلکین ہین مثال سیخ آہن

اور اک پری رخ و گل اندام
خورشید شمائل و دل آرام

جو عضو ہی اوسکا دلربا ہے
مکھڑا ہے کہ قدرت خدا ہی

رخ دفتر حسن مین ہی گو فرد
ہر برگ خزان کی طرح ہی زرد

شہزادی کا شیفتہ ہی وہ ماہ
کہتا ہی یہ ہر گھڑی بصد آہ

عاشق کی ذرا خبر نہین ہے
پیارے ترے دلمین گھر نہین ہی

ہم درد جگر سے نالہ کش ہین
زیب و زینت پہ آپ غش ہین

لب خشک ہین اوسکی رنگ ہی زرد
آنکھون مین ہی اشک دلمین ہی درد

آنکھون کو ہی شغل خون فشانی
عارض کا ہی رنگ زعفرانی

ظاہر باطن ہی بند غم مین
مرتا ہی غزالہ کے الم مین

بالاے فلک جو اوسنے دیکھا
طرفہ نظر آیا اک تماشا

اک مرد مہیب فیل پیکر
بیٹھا ہی بلا کی طرح اوسپر

افعی سیاہ ہی ہر اک بال
ہی جلد بدن کہ خرس کی کھال

بیٹھی ہی وہ اک زن ملول و نالا
منہہ اوسکا ہی جیسے پارۂ لالا

قید اوسکے پنجۂ جفا مین
رسی سے بندھی ہوئی ہین مشکین

آنکھین ہی مے عشق سی ہین سرشار
نرگس کی طرح مگر ہین بیمار

کرتا ہی وہ دیو اوسپہ بیداد
وہ شوخ ہی محو آہ و فریاد

صدقے ترے اے مرے دلارام
افسوس چلا مین یاس سے ناکام

ہم بند الم مین ہین گرفتار
اور تجھکو ہی عیش سے سروکار

دل خار الم سے یان ہی مملول
تم باغ کی سیر مین ہو مشغول

ناخن جو ہلال کے ہین ہم قدر
وہ بڑھ گئے ہین بصورت بدر

ہر لحظہ ہی جوش بیقراری
ہر بار ہی شغل آہ و زاری

ہین ہاتھ مین سنگریزے بھی چھالے
اوپر سے وہ چیکتا ہی ہر بار

عاشق شدن غزالہ بر ماہ رو و غش آمدن او را از دیدن ماہرو و نالان شدن پدر و مادر او

ساقی مے بیخودی پلادے
کیفیت بیہشی دکھادے

وہ مے سے جو کھوئے عقل و فرہنگ
ہو جس سے کہ عقل و عشق مین جنگ

دکھلاے اثر جو عشق پرفن
آہن ہو موم موم آہن

جسدم یہ ہین جن و انس و حیوان
اس عشق کی ہاتھ سے ہین نالان

دیکھا جو غزالہ نے یہ نقشا
اک تیر جگر کے پار گذرا

تیر الفت لگا جو کاری
غش کھا کے گری وہ ایکباری

ہمصحبتین دوڑین بی تحاشا
سب نے اوسے ہاتھون ہاتھ روکا

زانو پہ کسی کے اوسکا سر تھا
مجمع سب کا ادہر اودھر تھا

سہلانے لگی کوئی کف پا
عطر ایک نگار نے سنگھایا

بولی کوئی کچھ نہین ہے بستر مین
اک کہتی تھی درد ہی جگر مین

جی چھوڑے پہ سنسنا گیا ہی
اک بولی کہ تیور آگیا ہی

وہ مے دے جو درد عشق بخشا
اوہ مے جو کرے جہان مین رسوا

سچ ہی کہ یہ عشق بد بلا ہے
سچ ہی کہ مرض یہ لا دوا ہی

ہی محض غلط کہ دلمین ہی عشق
انسان کی آب و گل مین ہی عشق

ہی خلقت حسن و عشق توام
جسطرح جہان مین راحت و غم

بے ساختہ بولی آہ مارا
مارا ہمین بیگناہ مارا

تھی بسکہ شراب عشق پر جوش
یہ کہتی ہی ہوگئی وہ بیہوش

برپا ہوئی اک قیامت اودہم
صحبت وہ ہوئی تمام برہم

بولی کوئی لخلخہ سنگھاؤ
اک بولی کہ خاک پاک لاؤ

روتی تھی کوئی برائے ملکہ
کہتی تھی کوئی کہ ہائے ملکہ

اک کرتی تھی پاس سے نظارہ
یہ کہتی تھی کوئی ماہ پارہ

اک بولی میری سمجھ مین آیا
بے شبہہ ہی اس پری پہ سایا

اک بولی نہین ہوا ہے سکتا
اک بولی نہین جی ہے جیتا

اک کہتی تھی جلد فال کھلواؤ
لوگو رمال کوئی بلواؤ

ماں باپ کا اوسکے تھا عجب حال
تر ہوتے تھے بار بار رومال

مین ہو سکی ہار مر رہی ہون
دلمین وسواس کر رہی ہون

گھبرا کے یہ پوچھتی تھی ہر بار
بچ جاتے ہین لوگو ایسے بیمار

بتلاؤ ہین صاحبو کدھر جاؤن
کس کی منت کرون کسے لاؤن

اک ہاتھ سے تھامے تھی جگر کو
اک ہاتھ سے پکڑے تھی کمر کو

یہ کسکی نظر لگی تمہین آہ
ہونا تھا یہ کسکی تمکو اے ماہ

ای میری ضعیفی کے سہارے
مرنیکو تو دن تھے یہ ہمارے

کچھ دھیان تمہین مرا نہ آیا
حق پالنے والی کا بھولایا

ارمان بھی کچھ نہ نکلا میرا
سہرا ابھی ندیکھا ہمنے تیرا

ارمان تو ہین نکال لیتی
تمکو اسی سن مین بیاہ دیتی

تو کہتی تھی رو کے وہ دل افگار
ظاہر تو بری ہین سارے آثار

سر کر کے برہنہ اپنا وہ ماہ
رو کر سوے قبلہ کہتی تھی گاہ

اسکے اوپر نہ کوئی آنچ آئے
آئی ہوئی اسکی مجھکو لگ جائے

اوسوقت عجب تھی سبکی حالت
لکھنے کی نہین بشر مین طاقت

وہ محو فغان ہر ایک گلفام
گلزار مین اک پڑا تھا کہرام

ٹکڑے ہو ہر اک کا یان جگر تھا
وان ناوک غمکا دل سپر تھا

یان رنج سے سبکا حال تھا غیر
وان گلشن بیخودی کی تھی سیر

وہ نالہ و آہ کر رہا تھا
حال اپنا تباہ کر رہا تھا

کہنے لگی کیون یہ روتے ہین سب
کسواسطے جان کھوتے ہین سب

کچھ جی میرا سنسنا گیا تھا
لوگو مجھے غش سا آگیا تھا

بیخود کبھی گاہ ہوش مین تھی
ہر دم نئے شوق جوش مین تھی

وہ تخت رواں کھڑا ہوا تھا
نظروں سے نہاں کھڑا ہوا تھا

جب تخت ہوا نظر سے پنہان
بیتاب ہوئی وہ ماہ تابان

اک بولی کہ ہاتھ منھ دھولاؤ
بولی کوئی بٹی کو سنگھاؤ

کتنون نے سروں کو انہی چھوڑا
باقی نہ کوئی دقیقہ چھوڑا

ماں کہتی تھی واری آنکھیں کھولو
صدقے گئی منھ سے کچھ تو بولو

کیا مجھسے خفا ہو کچھ مری جان
کس بات پہ روٹھی ہو مین قربان

پھر پاؤ گی مین اسی سلامت
ہو جائیگی اس مرض سے صحت

ہی ہی یہ کیا ہوا بتاؤ
لله طبیبون کو بلاؤ

مایوس کبھی وہ دل مین ہو کر
فرماتی تھی بار بار رو کر

رمالون نے سچ کہا تھا واری
ہے چودھواں سال تجپہ بھاری

تم چل بسین ہمکو چھوڑ کر آہ
واری ہین تمہین دی دنیا واہ

یہ تمسے امید تھی نہ جانی
دیجاؤ گی داغ دل نشانی

کیا جانتی تھی یہ مین مری جان
رکھے گا فلک مجھے پر ارمان

سب کہتے ہین کہتی تھین نہ گھبراؤ
صحت ہے حضور دل کو سمجھاؤ

لیکن اوسمین بڑی ہے قدرت
وہ چاہے تو دم مین ہووے صحت

یارب مری بچی کو بچالے
پالا ہے بڑی دکھوں سے مین نے

مین تو نہین کوئی اور رکھتی
اندھی کی یہی ہے ایک لاٹھی

ماں باپ کی تھی وہ آہ و زاری
ہر سمت وہ جوش و بیقراری

یاں لوگ تھے سارے غمسے بیہوش
واں دلمین محیط غم کا تھا جوش

ہر لحظہ یہان تھی آہ و زاری
وان عشق کی اوسکو بیقراری

ہم غم جو تھا وزیر زادہ
اورون سے غم اوسکو تھا زیادہ

جسوقت کہ اوسکو ہوش آیا
ماں باپ کو سبکے قرار پایا

کچھ مجھکو مرض نہین ہوا ہے
سر جھولے پہ میرا پھر گیا ہے

ظاہر مین تو کہتی تھی یہ وہ ماہ
پر دل سے خدا ہی تھا کچھ آگاہ

اوس آفت جانکے سینہ مین دل
بیتاب تھا شکل مرغ بسمل

آنکھ اپنی پرائے کی بچاکر
ہر لحظہ وہ دیکھتی تھی اوپر

رخصت ہوئی صبر و ہوش و طاقت
راہی ہوئی نام و ننگ و راحت

خوناب جگر بھی رنگ لایا
خشکی نے لیے لبوں کے بوسے
ہوتی ہی جو دل کو لیے اک یاد
ہاں بانکے میرے ہیچ کہا تھا
یہ شخص کہاں کہاں ہین اے دل
جوبن پہ سدا تھی اپنے مغرور
فرہاد پہ نام دھرتی تھی مین
مجھپہ بھی پڑیگی یہ مصیبت
کیا تونے کیا سلوک یہ آہ
اب کسسے کہونگی درد دل آہ
کیونکر مری آنکھ چار ہوگی
یہ پوچھین جو مرض تو کیا بتاؤن
یہ بھی تو مجھے خبر نہین آہ
کس شہر کا شہریار ہے یہ
سر دیر سے پھر رہا ہی میرا
سب لوگ بھی پاسسے اب سرکتا ہین
سنتے ہی یہ لوگ ہٹ گئے سب
فریاد و فغان وہ کرتی تھی گاہ
سر دھنتی تھی گہ او وا اسی سوچ کر
سنبل زلفوں کی بو سونگھاوے
قمری تو ہی ڈھونڈھ کرکے کوکو
کس سمت کدھر گیا مرا گل
کرتی تھی جو وہ فغان و شیون
ہر نخل بنا تھا نخل ماتم
کس کرب مین تھی وہ غیرت ماہ

آنکھوں کی طرح سے دل بھر آیا
زردی ہوئی رنگ رخ پہ قبضے
معلوم تھی دونوں کو یہ چاہ
قسمت مین یہ غم لکھا ہوا تھا
بے نام و نشان پہ ہوئین مائل
زینت تھی ہمیشہ اپنی منظور
مجنون پہ بھی طعن کرتی تھی مین
آئی ہی یہ ایک روز آفت
اب ہم نہ رہے کہین کے واللہ
کسطرح چھپاؤنگی مین یہ چاہ
چھپتی نہین درد و غم کی روگ
اس راز کو کسطرح چھپاؤن
کس شخص کی قید مین ہی وہ ماہ
کس ملک کا تاجدار ہی یہ
جی سست ہوئے فدا ہی میرا
دم بھر نہ یہ اور میرے پاس آئین
تنہا رہی وہ شکستہ دل جب
پیہم دم سرد بھرتی تھی گاہ
کہتی تھی کبھی ہراس ہو کر
شمشاد وہ قد تو ہی دکھاوے
پرتو ہی دکھاوای لب جو
صورت دکھلاکے وہ گیا چل
بیرنگ ہوا تھا سارا گلشن
ہر سرو پہ آہ کا تھا عالم
اک کنکری اوسنے پائی ناگاہ

کی درد جگر نے مہربانی
آشفتہ سری نے پاؤن پھیلائے
ضبط اوسنے کیا مگر بدقت
معلوم نہین یہ ماہ تابان
صورت سے بھی اوسکی تھی نہ آگاہ
سنتی تھی نہ ذکر عشق کا مین
تقدیر پہ اپنی تھی مین شاکر
کیون عشق یہ کیا دکھایا نیرنگ
قابو مین نہین رہا مرا دل
ہر وقت جلیسین طعنہ دینگی
اس غم مین سدا گھٹا کرونگی
کسطرح کٹیگی ہجر کی رات
آیا بھی تو کس پہ دل یہ آیا
کہنے لگی پانسو وہ حور
تشریف حضور پاسسے لیجائین
کچھ دل مین گمان بد نہ لانا
روئی دل کھول کھول کر خوب
اوس تخت کا تھا خیال اوسکو
بلبل تو چہک اگر خبر ہے
او باد صبا ذرا ترس کھا
غنچے تو چٹک کے بول للہ
او خار نہ تو ذرو کا دامن
کیا کہیے کہ رنگ باغ کیا تھا
ہر برگ درخت ملتا تھا ہاتھ
کیا دیکھتی ہی وہ ماہ پیکر

کرنے لگی زور نالہ و آہ
اور ضعف کو زور چلیے ہاتھ آ
کہنے لگی دل سے پھر بحیرت
انسان ہی یا کوئی پری جان
واقف بھی نہ تھی کہ کیا ہی عشق آہ
ہنستی تھی جلیسون پہ سدا مین
اس حال سے پر نہ تھی مین ماہر
ظالم تیرے بھی ہین عجب ڈھنگ
کس قید الم مین پھنس گیا دل
آوازے سدا کیا کرینگی
ماں باپ سے حیلہ کیا کرونگی
کیونکر اب ہوگی پھر ملاقات
خود جسکو اسیر ظلم پایا
اب جو مین کہون کرو وہ منظور
اچھی ہو نہین کچھ نہ آپ گھبرائین
ہی فضل خدا نہ رنج کھانا
ٹکرایا ہر اک شجر سے سر خوب
غم ہجر کا تھا کمال اوسکو
گل تو ہی جھک بتا کدھر ہے
وہ تخت ادھر اوڑاکے لی آ
سوسن تو زبان کھول للہ
تونے بھی نہ اوسکو تاکا سوسن
کچھ اور ہی گل کھلا ہوا تھا
نالان بلبل بھی اوسکے تھی ساتھ
فقرہ یہ لکھا ہوا ہی اوسپر

اے راحت جان عاشق زار
اے روح روان عاشق زار

محظوظ بہت ہوئی وہ پاکر
آنکھون پہ بھرا اوسے اوٹھاکر

کہنے لگی دل سے وہ کہ اے دل
تسکین ہوئی اب تو تجھکو حاصل

کچھ کچھ تو سراغ ہمنے پایا
مرہم بدلے داغ ہمنے پایا

اوس نام کی لگ گئی رٹ اوسکو
لے لے کے وہ نام روتی تھی وہ

ہے نام تو ورد لب تمھارا
تبلاؤ نشان بھی خدارا

جی بھر کے تو دیکھ لو نہین صورت
ہے دل مین مرے کمال حسرت

پر بھی ہے بھلا کوئی حمیت
معشوق تو انکو چاہیے مروت

کچھ اس سے خدا ہے خوب آگاہ
واقف نہین عشق سے مین ایجاد

کہتی تھی کبھی وہ ماہ سیما
سچ دخت وزیر نے کہا تھا

جتنا کہ کیا تھا ہمنے غرا
اوتنا ہی ہمارے آگے آیا

گھٹتے پہر چڑھی یہ آہ وزاری
کرتی تھی چھپا کے بیقراری

گر بھول کے ایک بات کرتی
ساتھ اوسکی وہ ٹھنڈی سانس بھرتی

ظاہر مین تو دیکھتی تھی وہ باغ
پوشیدہ تھا سیر گلشن داغ

لالے کو وہ داغدار پاکر
دل دیکھتی اپنا سر جھکاکر

سنبل کو جو دیکھتی تھی گیسو
پھر جاتی تھی آنکھون مین وہ گیسو

بے یار کے اوسکو کچھ نہ بھاتا
سینے مین دل اوسکا تلملاتا

اک روز وہی جلیس عیار
یعنی دخت وزیر غمخوار

پوچھے تو کہو یہ حال کیا ہے
کیا غم ہے تمھین ملال کیا ہے

مجھکو تو کیا ہے تمنے ممتاز
مین تو ہون تمھاری محرم راز

کس بات کا رنج کرتی ہو تم
کسواسطے آہین بھرتی ہو تم

گر جان ہے اپنی تو جہان ہے
دھیان آپکا اس گھڑی کہان ہے

یا حال یہ دشمنون کا اب ہے
ہر وقت ملال ہے تعجب ہے

گر کوئی مرض تمھین ہوا ہو
کہیے کہ ابھی سے کچھ دوا ہو

کہنے لگی ناز سے غزالہ
تونے وہی ذکر پھر نکالا

کچھ زار کا ماہ رو تو ہی نام
عاشق ہون ترا اے گل اندام

پڑھتے ہی وہ نام خارتہ ہوش
خوش دل مین ہوئی بہت وہ غمپوش

بے نام کا تو نشان ملا اب
بر آئینگے تیرے سارے مطلب

دونی ہوئی دم سے بیقراری
کرنے لگی اور آہ و زاری

کہتی تھی کہ ماہ رو کدھر ہے
کچھ تجھکو ہماری بھی خبر ہے

اک بار تو شکل پھر دکھا جا
مرتی ہون بہت نہ مجھکو ترسا

شکل اپنی دکھا کے اک نظر آہ
منہ تمنے چھپا لیا اجی واہ

زیبا نہین تمکو کج ادائی
اے جان ابھی سے بے وفائی

معلوم نہین ہے ہمکو یہ راہ
اس داغ سے دل نہین ہے آگاہ

اوسدم ہوئی فوج سب پریشان
نقارہ فتح یان بجایا
ہاتھ اونکے لگی بہت غنیمت
پھولے نہ سماتی تھی غزالہ
زخمی جو لڑائی مین ہوئے تھے
منصب دیا اک کو ایک کو راج
کرتے تھے دن بھر تو حکمرانی
جلسہ رہتا تھا ایک دن رات
ملنا وہ کبھی کبھی رکاوٹ
جھڑکی کا کبھی وہ طعنہ دینا
اوسکا بھی وہ تیوریان بدل لینا
ہوتی کبھی اختلاط باہم

تلوار پہ پڑ رہی تھی تلوار
تیرونکی کسی طرف تھی بوچھار
مارے گئے سیکڑون ہی سرکش
برق خاطف کا کرتی تھی کام
اللہ تعالیٰ نصیر و یاور
وان دس ہوئے قتل تو یہان دو
لاشونکے لگے ہوئے تھے پشتے
شہبانہ کی موت جبکہ آئی
مارے جو لپک کے ایک تلوار
دم مین ہوئی [illegible] النار
لو مار لیا اب اونکا سردار
ٹھہرے نہ قدم کسیکے پھر وان
مرہم دل ریش پہ لگایا
سبکو ہوئی لوٹ وہ غنیمت
کرتی تھی بہت خوشی غزالہ
ہونے لگے پھر علاج اونکے
سردارونکو بخشا تخت اور تاج
شب کرتے بسر بشادمانی
کس عیش سے کاٹتی تھی وہ رات
ہر بات مین ہر گھڑی لگاوٹ
وہ چٹکیان اوسکی دلمین لینا
گرمی ظاہر مین دلمین جلنا
ہوتی تھی کبھی ارتباط باہم
گردش جو فلک نے پھر دکھائی

برچھا مارا کسی نے ہٹ کر
مارا جسکو خدنگ خونخوار
ہر اک پہ پڑی یہ تیغ گہری
اللہ رے تیغ کی روانی
مرنے کا نہ خوف انھین تھا مطلق
مین کیا کہون رنگ معرکہ کیا تھا
جنگاہ مین بحر خون رواں تھا
اوسوقت بڑھا کے اپنا گھوڑا
دو ٹکڑے ہوا وہ لون ناپاک
اک شور تھا چار سو کہ احسنت
یان جانے نہ پائین اب بدخو
لے سر کے لڑے ہے کوئی کب فوج
بجنے لگے پھر تو شادیانے
اوسوقت تھا شاد کیا ہی مہرخ
خوش سب تھے اتنین تینون پریان
انعام دیا دلاورون کو
پھر عیش مین سب کے ہو وہ مشغول
ہر طرح کا عیش اونکو تھا حاصل
جھکی پہ وہ مشکبو کا مرنا
وہ ناز و نیاز مشکبو کا
ہر بار دکھائیان جتانا
چہلین کبھی گاہ قہقہے تھے
تقدیر کی دیکھنا بدی کو
راحت پہ اونھین نہ راس آئی

بڑھکر مارا کسی نے خنجر
سینہ سے دو سار تا بہ سوفار
سر پہ پڑی تبر تنگ ٹھہری
جسپر پڑی پھر نہ مانگا پانی
ناحق ناحق ہے اور حق حق
میدان وہ دشت کربلا تھا
اوس فوج مین شور الامان تھا
اک سبز قبا پہ ہاتھ چھوڑا
گر گر گھوڑے سے بر سر خاک
خرسند ہوا بہت وہ ساونت
ٹاپونکے تلے اب اونکو روندو
آخر کو ہوئی فرار سب فوج
رحم اون پہ کیا غرض خدا نے
اک شور تھا تہنیت کا ہر سو
جوگی بھی مثال گل تھا خندان
خلعت ملی اونکے افسرون کو
پھر روز بڑھا یہ اونکا معمول
تھا جمع ہر ایک فن کا کامل
اور چھیڑ کے گفتگو وہ کرنا
وہ چھیڑنا اوسکو ماہرو کا
باتون مین کبھی اوسے بنانا
بلبل کی طرح سے چہچہے تھے
دو دن بھی رہے نہ عیش ہمدو

رفتن لال پری در خانہ خواہر خود یعنے فرخندہ پری و برپا ساختن بزم ماتم

بعد آن فرخندہ پری وزدیدہ بردن ماہ رو را

ساقی چلے کوئی جام کا دور
جب لال پری شکست پاکر
تھا ایک تو ہجر یار کا غم
افزونیے کاہش جگر تھی
وان رہتی تھی ایک اوسکی خواہر
عیاری کے فن مین تھی نہ مشتاق
پیٹی بہت اپنا سینہ و سر
اس سانحہ سے ہوا یہ اظہار
آآکے دیا ہر ایک نے پرسا
ہر لحظہ تھا جوش بیقراری
کہنے لگی وہ گلے لگا کر
جاتا ہی کہان وہ لاکھ بھاگے
بدلا ترا اوس سے لیتی ہون مین
تیر آنکھون مین دل کرونگی ٹھنڈا
یہان عیش پہ تھا ہر ایک مائل
عمرو و غزالہ ایک جا تھے
اک گوشے مین ٹھہری آکے دم بھر
عشرت مین جو سبکو محو پایا
ہر سو کرکے نگاہ اوس نے
یون آئی گئی وہ ماہ طلعت
پشتارہ اوٹھا کے بہرہ گلپوش
پشتارے کو لیکے وہ جفا کار
پہر لال پری کے پاس آکر
معشوق کی دیکھتے ہی صورت

پیلون مین شراب تھوڑی سی دی
بھاگی جان حزین بچا کر
اور دوسرے باپ کا تھا ماتم
ہردم سوے آسمان نظر تھی
سب اوس سے کہا یہ حال جا کر
سحر و جادو مین بھی بہت طاق
کہنے لگی روکے وہ گل تر
اقبال گیا اب آیا ادبار
چالیس دن اوسنے سوگ رکھا
ہر وقت فزون تھی آہ و زاری
قربان ہو تجھپہ جان خواہر
قتل اوسکو کرونگی تیرے آگے
تقدیر اوس سے کیسی پھرتی ہو نہین
ارمان نکالیو سب اپنا
تھی شعبدہ فلک سے غافل
سب لوگ غرض جدا جدا تھے
بصورت سبز پوش بن کر
بیہوشی کو اوسنے پھر اوڑایا
منھ جسکے کیے سیاہ اوسنے
دیکھی نہ کسی نے اوسکی صورت
اوس بزم سے نکلی صورت ہوش
راہی ہوئی اپنے گھر کو یکبار
کہنے لگی اوس سے وہ ستمگر
بیہوش ہوئی وہ ماہ طلعت

پھر ورپئے عیش سامان ہر
حال اوسکا بیان سے ہی باہر
دن رات تھا رونے سے سروکار
کچھ فوج کو اپنے لیکے ہمراہ
فرخندہ پری تھا نام اوسکا
شہباز کا سنکے مارا جانا
یہ بھی ہی خدا کی شان صاحب
ماتم کی صف اوسنے پھر بچھائی
پر لال پری کا تھا عجب حال
فرخندہ پری نے جب یہ دیکھا
کیون کھوتی ہی جان کو مفت کھا
غم کھانے سے رات دنکی حاصل
چن چن کے اک اک کو لاؤنگی مین
یہ کہہ کے چلی وہ شعبدہ باز
خطرہ نہ کسیکا کچھ نہ ڈر تھا
وارد ہوئی اتنے مین وہ پرفن
جسجا پہ غزالہ کی تھی محفل
دم بھر مین بصورت قدح نوش
عمرو کو غزالہ سے چھڑا کر
اندر باہر جہان رہی وہ
یہ بھی نہ کسی نے اوسکو جانا
گلزار ارم مین آن پہونچی
بولی مین تمہارا چور لائی
دم بھر کے جو بعد ہوش آیا

برہم کوئی دم مین یہ سمان ہے
اک کوہ ستمگر اتھا اوسپر
تھمنے سے بچے کبھی نہ چشم خونبار
گلزار ارم کی اوسنے لی راہ
اوس جا تھا عمل تمام اوسکا
اور اوسکا شکست فاش پانا
رونا اونا ہون ہمیشہ غالب
ہر قوم نے حاضری منگائے
دل ناوک رنج سے تھا غربال
سمجھی کہ ردی ہی حال اسکا
مین لائی ہون ماہرو کو جا کر
لو دیکھ لو اسے پری شمائل
سولی پہ ابھی چڑھاؤنگی مین
لی وان سے برنگ صید پرواز
اس دن سے ہر ایک بیخبر تھا
عیاری کا منھ پہ مل گئے روغن
وان آئی وہ رشک ماہ کامل
وہ بزم ہوئی تمام بیہوش
باندھا پشتارہ اوسکا لاکر
مانند نظر نہان رہے وہ
یان آیا تھا کون لیگیا کیا
لیکن اک دم مین آن پہونچی
منھ مانگی مراد اسنے پائی
خوب اوسکے اوسنے گلے لگایا

ہشیار ہوا جو ماہ رو وان
اور سامنے اک پری کھڑی ہی
تب لال پری نے دی یہ آواز
گر جانتی ایسا بیمروت
دیتی جان تو اشتیاق مین ہم
دلین تو نہ ہمسے کچھ ڈرو تم
جو باپ کو میرے تمنے مارا
وہ شہر قبا کمان ہی اسوقت
دکھ دے ترے اوسکو بھی سزا دون
لیلا افسوس کرینگے اوسدم
سب یار جیون اگرچہ ہمر کر
ذکر اوسکا کر اکے ذرا ادب سے
اب تو بھی ہی چاہنے کے قابل
دیوانی ہوئی ہی ای پری تو
بیٹھا ہی یہ تیری مجھسے کاوش
سنکر یہ کلام ماہ رو سے
اب ہی نئے غزالہ کا فدا حال
اور ان سکو ہوئی کمال حیرت
لیکن نہیں وہ ہاتھ آیا
جو شخص تھا مورد محن تھا
کچھ صورت نہیں تنکے چھتی
کہتا تھا ہر ایک اہل صحبت
بیچاری کمال تھی غزالہ
سمجھتے یہ ہماری رشک آیا
ظالم یہ کہیں ستم سنا ہے

دیکھا اوسنے یہ اپنا سامان
غصے مین مگر بھری کھڑی ہی
صاحب آنکھیں ذرا کرو باز
واللہ کبھی نہ کرتی الفت
گھل گھل کے مرین فراق مین ہم
پھر ہمسے مقابلہ کرو تم
کیا حال کرون مین اب تمھارا
وہ ماہ لقا کہان ہی اسوقت
اور آتش قہر مین جلا دون
پھر آپھنسے اسکے دام مین ہم
تو بھی رہون مین شاد اوسپر
لے نام غزالہ کا ادب سے
معشوقہ نہیں ہوتی ہی تو شامل
امید نہ رکھیو یہ کبھی تو
بیفائدہ کرتی ہی تو کوشش
بیکر گھونٹ الغرض ہوکے
بعد اوسکے پری کا شیشی کا حال
برپا ہوئی اوسدم اک قیامت
خبر داغ فراق کچھ نہ پایا
سب نشہ غزالہ کا ہرن تھا
لیلی کی طرح سے سر کو دھنتی
یارب رہے ماہرو سلامت
کستی تھی یہی یا جو و نالہ
دم بھر کا نہ عیش تجھکو بھایا
دونون کو یہ عیش کی سزا ہے

اک طرفہ بلا مین مبتلا ہون
بند آنکھیں کہین یہ سمجھ کے یکبار
دیکھو اودھر آنکھ چار کرکے
یون ہمسے تو منھ چھپا کے جانا
اور گرم غزالہ کا ہو پہلو
تبلائیے تو یہ مجھکو صاحب
لون باپ کا اپنے تمسے بدلا
ہو شرط کہ اے نگار عالم
جب لال پری کی دیکھی یہ صورت
کہنے لگا اوس سے پھر وہ خوش خو
تو جانتی ہی کہ مین بھی کچھ ہون
عاشق کہین مرنے سے ہین ڈرتے
اتنی ہوئی تیری بھی لیاقت
تو لاکھ کرے جفا یکن مجھپر
واللہ عبث ہی تجھکو یہ دھیان
کچھ سوچکے دلین آخر کار
وان لوگونکو جبکہ ہوش آیا
آخر کو ہوئی تلاش مہرو
دل غم نے لیا ہر ایک کا گھیر
وہ شیرین جمال کرکے فریاد
سمجھا دلپہ ہر اک کے داغ اوسکا
محفوظ رہے وہ ہر بلا سے
اے چرخ یہ کیا کیا ستم ہی
کیا تجھکو غرض ہی تجھسے جلاد
آفت مین رہن پھنسا دیا پھر

زنجیر نہین طوق مین پھنسا ہون
یہ خواب ہی یا کہ ہون مین بیدار
بچھتائی ہین تمکو پیار کرکے
اور لطف غزالہ سے اوٹھانا
انصاف یہی ہی اے سمن بو
یہ آپکو تھا بھلا مناسب
تبلاؤ کرون تمھین سزا کیا
بلوا کے غزالہ کو اسی دم
سمجھا کہ پھر آئی ہم پہ آفت
خاموش یہ گفتگو نہ کر تو
تو حور بھی ہو تو مین نہ تجھکو مانون
سر دیکے عاشقی ہین کرتے
جو تجھسے کرون مین دلسے الفت
پر وصل نہ ہو سکیگا میسر
نکلے گا کبھی نہ تیرا ارمان
چپ ہو رہی بس وہ ماہ رخسار
محفل مین نہ ماہرو کو پایا
ڈھونڈھا لوگون نے اوسکو ہر سو
نظرون مین ہوا جہان اندھیر
سر پھوڑتی تھی برنگ فرہاد
پایا نہ کہیں سراغ اوسکا
پھر آ بیٹھے اپنے دربار
اتنو نہ سہے کہین کی ہم ہاے
تو دیکھ سکا نہ چار دن شاد
روئی قسمت دکھا دیا پھر

تھی وہان تو غزالہ سخت مضطر
کی اسنے یہ قدر جانفشانی
یہ رشک اوٹھایئے کہان تک
مرنا ہر روز کا مرے کون
جان اپنی کرین فدائے دلدار
کیا فایدہ ایسی زندگی سے
تحسین کرے ہمکو اک خدائی
اتنا تو وہ سمجھے اپنے جی مین
جو کوئی کسی سے دل لگائے
بلوائین غزالکو بھی اوسدن
شادی سے زیادہ ہو تقریب
لکھکر القاب الفت انگیز
اے گوہر بحر آشنائی
اے مرہم زخم سینہ ریشان
مہ رو جو ہمارا دلربا ہے
جو جو اوسنے ستم کیے ہین
رسوا کیا دربدر پھرایا
لڑوائی اسی نے یہ لڑائی
تفرون نے مری برابری کی
دل آتش رشک سے جلایا
اوسکے لیے ہمنے مشفق من
ہمقوم مین زرد رو ہوئی مین
کی لاکھ طرح اطاعت اوسکی
سو اوسکا وہی ہے حال ابتک
صدمہ نہین اور کا گوارا

یان لال پری نے تنگ ہو کر
برباد ہوئی مری جوانی
غم ہجر کا کھایئے کہان تک
فرقت کی مصیبتین بھرے کوئی
مشہور رہون ہم بھی تا وفا کو
باز آئے ہم ایسی عاشقی سے
مشہور ہوا اوسکی بے وفائی
بیشک کامل تھی عاشقی مین
میرا اوسے قصہ یاد آئے
اور دیکھو وہ ہے جو اوسکا محسن
گلزار ارم نے سراندیپ
مضمون لکھا یہ درد آمیز
وے رونق بزم دلربائی
وے غنچہ داغ صبر کیشان
جسکے لیے ہمنے گھر تجا ہے
صدمے ہمین جسقدر دیے ہین
آٹھ آٹھ آنسو سدا رولایا
گھر بھر کی ہوئی ہے صفائی
ادنا ادنا نے ہمسری کی
اکدن بھی اسے ترس نہ آیا
اپنون کو بنایا اپنا دشمن
جز گریہ نہ اکدن ہنسی ہین
لیکن نگئی محبت اوسکی
دیتا ہے ہمین ملال ابتک
اسواسطے قصد ہے ہمارا

ٹھہرائی جدا اپنے دلمین تدبیر
کچھ مجھسے نہین اسے محبت
ہر روز کا رنج سہیے تا کے
اب جان ہے ہمیدہ وہ بیدل
عشاق جہان مین تمام ہووے
اوسکو بھی ہو جب یقین الفت
شرمندہ ہو دلمین کچھ وہ ناقدر
چرچا کرے اک زمانہ اپنا
لیکن خفیہ نہ جان دیجے
تا وہ بھی تو سمجھے تھی یہ عاشق
ٹھہرا کے یہ دل مین اپنی تدبیر
عشاق نواز و مہربانا
اے بلبل گلشن محبت
من بعد سلام ملتمس ہون
حال اوسکا تو تمپہ سب کھلا ہے
وہ بھی تمپر ہین آشکارا
کی بات ملال سے ہمیشہ
مارا گیا باپ بھی ہمارا
محکومون نے ہمپہ فتح پائی
کیا کیا ہو بیان ملال اپنا
رسوا ہوئی آبرو گنوائی
گھر بار سے اپنے منھ کو موڑا
فرخندہ پری کی جستجو سے
کرتا ہی کمال کج ادائی
معشوق کو قتل کیا کرین ہم

اپنا ہوا یہ شوخ بے پیر
گر ہو تو غزالہ سے ہو الفت
فرقت مین ہلاک رہتی تا کے
اس سے تو یہی ہے بہتر اے دل
جھگڑا ہی چکے اب تمام ہووے
اوسوقت تو آئے کچھ مروت
اوسدم تو کرے مری ذرا قدر
مشہور رہے فسانہ اپنا
اوس روز بس ایک جلسہ کیجیے
ایسا ہوتا ہے عشق صادق
رقعہ کیے سب کو اوسنے تحریر
غمخوار و شفیق و قدر دانا
شیرازہ نسخہ مودت
باہم الفت ہو روز افزون
جیسا کہ وہ شخص بیوفا ہے
ظاہر ہے مرا بھی حال سارا
ترسایا وصال سے ہمیشہ
یہ مفسدہ تھا اسی کا سارا
کیا کیا ہمنے ہتک اوٹھائی
ہے قابل گریہ حال اپنا
ذلت ہمچشمون مین اوٹھائی
پر اوسنے غزالہ کو نچھوڑا
اب پھر مین ملی ہون ماہرو سے
اوٹھیگا نہ اب غم جدائی
بہتر ہے یہی کہ جان دین ہم

تا سب پہ مری بھلائی کھلجائے
شاعر کرین یہ بھی قصہ تصنیف
دکھلائیے سیر جان نثاری
گھل گھل کے نہ شمع سان مین جان دی
بات آج بیان نئی ہوئی ایک
بلبل بھی نہ گل کا دم بھرے پھر
جو کوئی سنے نہ تاب لائے
اس رقعہ کو دیکھتے ہی آنا
رقعے تو گئے اودھر روانا
پر ہر روش چمن کے اوپر
ہر حوض گلاب سے ہو مملو
ہر درجہ ہو عطر سے معطر
الماس کی ہون وہ جھاڑ مرد رنگ
سب نقرئی گردشیان ہون
جب جمع ہوے تمام مہمان
جنت کیطرح وہ باغ پر نور
مسّی کی جمی ہوئی وہ دھڑیان
سرمے کی وہ انکھڑیونمین تحریر
نکلے ہوئے وہ غضب کے سینے
اطلس کے وہ سرخ پایجامے
آفت کی کمر غضب کا کولا
پرسین آسن کی قہر دلکش
اک ایک مین ہو تو نکلا تھا کام
وہ آب روان کی تنگ انگیا
آراستہ بزم ہو چکی جب

معشوقونکی بیوفائی کھلجائے
تم سبکو جو دی تھی مینے تکلیف
ظاہر کیجے وفا شعاری
پروانہ صفت فدا کرون جان
آدم پہ پری ستی ہوئی ایک
قمری بھی نہ سرو پر مرے پھر
افسانۂ قیس بھول جائے
کرنا کوئی نہ تم بہانا
یان اوسنے یہ اپنی دلمین ٹھانا
کترا ہوا بادلہ ہو یکسر
ہر سمت ہو عطر فتنہ کی بو
ہر سو ہون چنگیرون مین گل تر
مینائے فلک ہو دیکھکر دنگ
الماس کی ساری شمعدان ہون
اوسوقت ہوا عجیب سامان
ہر ایک پری وہ غیرت حور
اور اوسپہ وہ رنگ سرخی پان
گویا کف ترک مین ہے شمشیر
اور تارکشی کی وہ دوپٹے
اور طول وہ اونکے پائنچونکے
سانچے مین ڈھلا ہوا سراپا
دل نیفی کی سلوٹون پہ ہو غش
خال اونکی تھی مرغ جان کو دام
اوسپر وہ ابھار چھاتیونکا
یہ شہرہ قبا کو بھی لگا تب

مشہور ہے یہ نہین بھی عاشقونمین
مطلب اس سے ہے مرا اتنا
مجمع مین ہے لطف جانفشانی
تا اہل زمانہ کو ہو عبرت
ہرگز نہ اوٹھی جفائے معشوق
پروانہ نہ شمع کا ہو دلسوز
یہ لکھ کے لکھی پھر اونکو تاکید
صحبت ہے یہ یادگار صاحب
اسطرحکا باغ یہ سجا کے
ہر نخل تمامی سے منضد معا ہو
آراستہ یون ہو قصر گلشن
ہر ایک جگہ ہو فرش مخمل
شہرونپہ تمام روشنی ہو
اوس ماہ نو الغرض اوسی طور
پریونکی وہ غش میان گلشن
زلفین تو سیاہ رنگ گورے
موباف وہ چوٹیونمین زرتار
پر نور وہ اونکے دست رنگین
تار اونکا ہر ایک تھا وہ پر نور
اطلس تھی وہ دیکھنے کے قابل
پیڑو کا ابھار قہر و آفت
لچھونکے ازار بند بھاری
اونکو نہ ازار بند کھینچے
چھاگل کی وہ گھونگھرو کی آواز
اسے ضیغم بیشۂ شجاعت

ہو نام مرا بھی صادقونمین
دے جان بلا مری با خفا
منصف کرین اپنی قدردانی
ہو جائے جہان مین یہ شہرت
آخر کو ہوئی فدائے معشوق
افسانہ ہوا ایسا اپنا دلدوز
ہمکو ہے کمال حسرت دید
ہے آپکا انتظار صاحب
جو باغ ارم کو اسپہ رشک آئے
نگیرا بھی پر زر اک کٹہرا ہو
ہوتا ہے دولھن پہ جیسے جوبن
ہر سمت لگین ہون میز و کل
لیکن سر شام روشنی ہو
سجوایا وہ باغ و قصر فی الفور
وہ اونکے نکھار اور وہ جوبن
نشہ کے وہ انکھڑیونمین ڈورے
تابندہ برنگ برق ہر تار
چھلے بھی وہ پورونمین نقش تھی
تھی تار نگاہ دیدۂ حور
کب اطلس چرخ ہو مقابل
برپا ہو خرام سے قیامت
کس نور کی اونمین دستکاری
زیبا ہے شکار بند کھینچے
عشاق کے دلپہ برق انداز
جرار و ننگ عجز جرات

ہو بعد سلام شوق معلوم
مشتاق کمال ہے یہ مغموم

مجھکو نہیں اب ملال تم سے
امید ہے بل کمال تم سے

اس رنج سے درگذر کرو تم
میں چھوٹی ہوں اور بزرگ ہو تم

اس خط کے پہونچتے ہی تم آنا
ہمراہ غزالہ کو بھی لانا

تصدیعہ جو آپکو دیا ہے
جلسا نیا مینے اک کیا ہے

مہرو بھی تمہارا یاں ہے موجود
دل کیجئے اس سے آکے خوشنود

لیجائے غزالہ اسکو یاں سے
اپنا تو سفر ہے اس جہاں سے

غارت ہوں جو اب جلوں کسی سے
مطلب مجھے اسکی ہے خوشی سے

منظور مجھے نہیں دغا ہے
ضامن مرے آپکے خدا ہے

جب پہونچا وہاں یہ رقعہ جاکر
وہ بولا غزالہ کو سنا کر

از خود ہے وہ صلح کی طلبگار
پھر آپکو اسمیں کیا ہے انکار

اب ہمسے دغا نہ وہ کریگی
کچھ خوف خدا نہ وہ کریگی

تو میری طرف سے جاکے کہیو
ہم آئینگے خیر اسمیں جو ہو

القصہ وہ دیو اور غزالہ
اسوار ہوے باہ و نالہ

آلودۂ غم تھی جو وہ غمناک
تبدیل بھی کی نہ اوسنے پوشاک

جا اوسکی طرف نگاہ کرتا
بیساختہ ایک آہ بھرتا

اسپر تو فدا ہے جان عالم
بیشک ہے یہ دلستان عالم

پھر لال پری وہاں سے اوٹھی
حمام میں بہر غسل آئی

تسبیح گلے میں ایک ڈالی
اور مانگ بھی بالوں میں نکالی

کافور لگایا سب بدن میں
کچھ عطر بھی مل دیا کفن میں

جسم اپنا چھپا کے سب کفن میں
وہ شمع رخ آئی انجمن میں

اک ہاتھ میں اوسکے خنجر تیز
اور ایک میں جام سم سے لبریز

وان ناچ کا شغل ہو رہا تھا
غل ساز طرب کا جا بجا تھا

جو کچھ ہوا سو ہوا چلو خیر
کچھ تم بھی نہیں ہو مہربان غیر

منظور خدا تھا یوں ہی جناب
پر تمکو بھی اب ہے یہ مناسب

آپسکا یہ اب حجاب اوٹھ جائے
پھر رنج نکوئی درمیان آئے

دیدار کی ہوں کمال شائق
الفت مجھے آپ سے ہے مشفق

صحبت ہے یہ دیکھنے کے قابل
تم بھی ہو ضرور آکے شامل

الفت ہے مری سے اوسکو انکار
مجھکو بھی نہیں کچھ اب سروکار

وہ وصل سے اسکے شادمان ہے
یہ خوش رہے مہربان جہان ہے

مہرو ہو غزالہ کو مبارک
اور بندی کو قبر ہو مبارک

تشریف اگر نہ لائیے گا
جیتا ہمیں پھر نہ پائیے گا

کیا اسمیں صلاح ہے تمہاری
بولی وہ محو بیقراری

مرتی ہوں نہیں مجھپہ رحم کھاؤ
جسطرح ہو چل کے اوسکو لاؤ

مرضی غزالہ اوسنے پاکر
قاصد کو دیا جواب آکر

انکار ہمیں نہیں ہے لازم
ہر وقت ہم آپکے ہیں خادم

وان آئی جہاں وہ انجمن تھی
آراستہ عورت چمن تھی

کپڑے میلے تھے یوں بدن میں
جسطرح سے چاند ہو گہن میں

سب کہتے یہ حسن قدرتی ہے
ہے اسکی کنیز جو پری ہے

جسوقت کہ جمع ہو چکے سب
ہونے لگا ناچ گانا وان تب

وہ رشک قمر نہا چکی جب
پہنا کفن اوسنے گیروا سب

بالونکو بھی کر دیا پریشان
حسن اوس سے ہوا مگر دو چندان

عمامہ بھی باندھا اوسنے سر پر
اور گیروی اوڑھی ایک چادر

لیکن اس رنگ سے وہ آئی
حیرت جو وہاں ہر اک پہ چھائی

اک لونڈی کے ہاتھ میں اگر سوز
رومال لیے کوئی جگر سوز

مطرب سبکو رجھا رہے تھے
اختر کی غزل یہ گا رہے تھے

غزل

عاشق کو نہ اسقدر ستاؤ
پچھتاؤ گے ابھی باز آؤ

ہمتو اوٹھتے ہیں اب جہان سے
چاہو جسے پاس تم بٹھاؤ

ہو ساغر زہر جام شربت — تم ہاتھ سے اپنے گر پلاؤ
وہ غمزہ و ناز کے گئے دن — بس باتیں بہت نہ تم بناؤ

ہم جانتے ہیں کہ بے وفا ہو — اتنی الفت نہ تم جتاؤ
حاضر ہیں دل و جگر ہمارے — لو خنجر ناز آزماؤ

بو وصل سے جیسے مریض الفت — کچھ ایسا علاج تم بتاؤ
ہنگامہ ہی جان دیتے ہیں ہم — تم بھی تو برا سے سیر آؤ

پروانے سے اپنی صورت شمع — اسے شعلہ رخو نہ دل جلاؤ
جیسا ہمارا دل ستایا اب تک — تم اسکی جزا خدا سے پاؤ

بو رحم ہو خود جو غرض ہو صاحب — بس دیکھ لیا تمہیں بھی جاؤ
مشتاق فقط ہیں دید رخ کے — للہ نہ ہمسے منھ چھپاؤ

الفت سے کیا کبھی شد اآشنا — مر جاؤ گے غم بہت نہ کھاؤ
عاشق نہ ملے گا ہمسا دیکھو — جو کہتے ہیں اب بھی مان جاؤ

ناقدر ہیں خود غرض ہیں معشوق — اختر انسے نہ دل لگاؤ

کیا رنگ غزل جما ہے اچھا — بیتاب ہر ایک مہ لقا تھا
اک عالم وجد میں تھیں پریاں — گریاں بھی کوئی تو کوئی خنداں

تھا بزم کا اوس گھڑی عجب ڈھنگ — وہ لطف غزل وہ ناچ کا رنگ
غل واہ کا تھا تو شور شش آہ — نالے کوئی کر رہا تھا جانکاہ

اک سمت تو بادہ خوار اونکا غل — اور ایک طرف کو شور قلقل
اک نشہ سے میں مست بیہوش — سائل کہیں مے کا کوئی مدہوش

اتنے میں پری نے از رہ ناز — دی اپنی خواصوںکو یہ آواز
مہرو کو بھی کوئی جاکے لاؤ — لطف اوسکو بھی یہ ذرا دکھاؤ

جان اپنی ہلاک کرتے ہیں ہم — آکے دیکھے کہ مرتے ہیں ہم
لاکر اوسے لوگ جلد جاکر — محفل میں جو آیا وہ گل تر

مسند کے قریب اوسے بٹھایا — جس وقت غزال کو دکھایا
وہ دیکھتے ہی اوسی ہوا رنگ — سرخ اوسکا خجلت سے ہو گیا رنگ

پھر رہگیا اوسکے منھ کو تکتا — جسطرح کسیکو ہوے سکتا
وہ بھی اوسے دیکھ کر ہوئی شاد — دل ہی دل میں مگر ہوئی شاد

اوس وقت پری نے آگے بڑھکر — رکھکر ہاتھوں ہی جام خنجر
محفل کی طرف خطاب کرکے — کہنے لگی آہ سرد بھر کے

کچھ دکھ سنو منصفو ہمارا — انصاف سے داد دو خدا را
تکلیف جو تمکو ہیں دی ہے — تم لوگوں سے عرض اک مری ہی

تم بھی آخر ہو صاحب درد — اسوقت ہیں جمع سب زن و مرد
تم سب سے میں پوچھتی ہوں اک بات — گو میری تمہاری ہی ملاقات

انصاف ہی پر نہ درگذر نا — پاس اسکی ذرا ادھر انکر نا
یعنی ہم اک قمر پہ دیں جان — اور اوسکو ہمارا کچھ نہو دھیان

وہ اور یہ بلکہ مبتلا ہو — دلسے اوس ماہ پر فدا ہو
دنرات وہ اوسکے لیے کرے طیش — ہم کھایا کریں سدا غم و طیش

انصاف سے دو جواب اسکا — ہم ایسے مقام پر کریں کیا
سب بولے کہ یہ ہی اسکی صورت — پہلے تو کرے بدل اطاعت

تا اوسکو بھی اک خیال ہووے — باہم لطف وصال ہووے
اسپر بھی اگر وہ رنج دیوے — جان اپنی دے اور اوسکی لیوے

سنکر یہ کلام اہل محفل — رونے لگے وہ قمر شمائل
پھر ہاتھ جگر پہ اپنے دھر کے — مہرو کی طرف اشارہ کرکے

فرمانے لگی وہ ماہ پارا — قاتل یہی شخص ہے ہمارا
یہ کہکے قریب اوسکے آکر — اور خنجر و جام زہر اوٹھا کر

رکھکر کوئی ہی پہ نوک خنجر — اک ہاتھ میں جام زہر لیکر
ہاتھ اوسکی کمر میں اپنا ڈالا — اور منھ سے لگا کے وہ پیالا

رو کر بولی کہ او جفا کار — او قاتل خلق او دل آزار
آخر کو ہماری تو نے لی جان — دنیا سے چلے ہمیں پر ارمان

جکو یے سوت تو نے مارا
انصاف ہی حشر پر ہمارا

ہوتی ہی یہ رایگان جوانی
یون ہی تھی ہماری موت آنی

اب ہیئے تمھین خدا کو سونپا
لو بخش دو تم بھی جرم میرا

بس چاہتی تھی کہ پی لو وہ جام
ہاتھ اوسکا غزالہ نے لیا تھام

پھر خیر ہی تمکو اے گل تر
جان اپنی ہی ایسی تمکو دو بھر

کیون کس لیے اپنی جان دو تم
مین راضی ہون ماہرو کہو تم

اس بات سے مین تمھین ہون ناخوش
مین خوش اسمین مرا خدا خوش

بدنام مجھے تو اب نہ کیجیے
میرا تو نہ آپ نام لیجیے

جو چاہو سو کرو وہ حال اسکا
مختار ہو اسکے تم مجھے کیا

جیتا ہے اپنی جان سے یہ
کر دیگا نہال کیا مجھے یہ

کیا رشک ہی کس غضب کی ہی بلا
آخر ہے کسی طرح سے بھی گل

عاشق معشوق ہو مری جان
کیا چاہتا ایسا ہی کچھ آسمان

دیکھو ہین اور دل ہمارا
کیا کیا نہ الم سے ہی گوارا

اول کی تمھاری تھی یہ شیدا
عاشق نہین ہوتا اپنا پیدا

لو شوق سے اس کو تم طو اب
پھر اس کی ہی ہین ہی مجھکو مطلب

کی جبکہ غزالہ نے یہ تقریر
خوش دل مین ہوئی بہت وہ دلگیر

مجھکو تو کنیز اپنی سمجھو
ممنون کیا ہی تمنے مجھکو

مین تمکو سمجھتا تھا انسا
اب سمجھا کہ تم ہو دل سے شیدا

بڑھنے لگی ہر گھڑی محبت
پھر تو ہوئی وان کچھ اور صحبت

آپس کی وہ شوخیان وہ چہلین
ہر اک کی وہ گرمیان وہ چہلین

ہر بات مین ہو ہے کاوش
ہر فقرے مین پیار سے لگاوٹ

ہر مرتبہ عاشقی جتانا
ہر بار دل اوسکا آزمانا

گر صلح کبھی لڑائی ہوتی
گہ رنج کبھی صفائی ہوتی

تھا سبز قبا بھی شاد و خرم
پریان بھی کمال خرم تھین باہم

دو چار دن اور وان ٹھہر کر
رخصت ہوئی سب وہ ماہ پیکر

بدلا تو مین اپنا تجھسے کیا لون
کیا تجھکو مین اسکی اب سزا دون

خیر ایگی باغ دوستداری
کچھ اسمین نہین خطا تمہاری

ہم تو پیتے ہین یہ پیالہ
ہو تمکو مبارک اب غزالہ

اور بولی کہ بی کچھ اس سے حال
کیا گھر بسے ہین آپ اپنے خال

بی ہوش ہا مین آؤ قصہ کھلوا
اسقدر رحیہ تو نا سمجھ نہ بن جاؤ

تم اس سے ہو خوش یہ تمسی خاطر
یان عین خوشی ہی ای پریزاد

پر مجھکو تو ڈر ہے نہ الزام
مین کون حضور مجھکو کیا کام

تم جانو یہ جانی اسے حلال گار
مین بیچ مین بولون تو گنہگار

مطلب نہین یان کسی سے اظہار
راحت اسکی فقط ہی درکار

پھر ناز سے چھیڑ کو بولا
کیا میری چلبن ہی تمکو زندی

کچھ دل مین تو سوچیے مری جان
کیا کرتی ہو تم کسی پہ احسان

چندے تو لو اوٹھاؤ رنج فرقت
کیا جان کے تم نے کی تھی الفت

پھر چھین کے اوس سے خنجر و جام
پھر دو سے کہا سن او گل اندام

مجھکو نہین اس کی کچھ ضرورت
مین دیتی ہوں اب ال اجازت

اک ایک پہ ہو مگر نہ غالب
ہم یہ رہین ایک جان دو قالب

پر شرم سے سر جھکا کے بولی
اچھا جیسی تمھاری مرضی

یہ رو سے بھی ہوا کمال خرم
بولا وہ رشک ماہ او سدم

القصہ دلون کی غم ہوئی دور
باہم ہوئے تینون شاد و مسرور

جا بیٹھی پری وہ باغ کے زانو
اک سو تھی غزالہ گرم پہلو

پھر وہ کا پری کو وہ ستانا
وہ ناز سے اوسکا جھینپ جانا

وہ لال پری کو شکوہ کرنا
دکھلانیکو ٹھنڈی سانس بھرنا

شہزادی کا بھی وہ عذر کرنا
ہو رات وہ عیش مین گذرنا

ہوتی کبھی اختلاط باہم
بڑھتے کبھی ارتباط باہم

گل پیرہن اور مشکبو بھی
باہم کرتی تھی ناز و شوخی

پھر سبز قبا کے گھر مین آئے
پھر لو پری کو بھی وہ لائے

رہنے لگے وان بعیش و عشرت
پیدا ہوئی باہم اک محبت
ہر وقت تھیں پیار سے ہم آغوش
گھر بار تک اوسکو تھا فراموش

دو چار مہینے تک برابر
ایک عیش رہا اونھیں میسر
دنیا کے مزے اوڑا رہی دن رات
کس لطف سے جان بسر کی اوقات

رفتن غزالہ در وطن خود مع لال پری و مہرو و عاشق شدن مشکبو بر وزیرزادہ

باغوں میں صبا پکار آئی
آئی فصل بہار آئی
ہے جوش پہ اب کی موسم گل
اب دخل خزاں نہیں ہے بالکل

بسیار شگفتہ دل ہے بلبل
بے کھٹکے ملی ہے صحبت گل
مرغان چمن ہیں نغمہ پیرا
بھونکی ہیں صبا کے فرحت افزا

ساقی یہی وقت میکشی ہے
گھنگھور گھٹا گھری ہوئی ہے
بادل مانند ابر نیسان
ہر ایک چمن پہ ہیں دُر افشان

رندوں کا ہے جھٹون پہ مجمع
میخواروں کا ہے یہی تو موقع
دریا دلی اپنی بھی دکھاوے
منھ سے مرے خم کا منھ لگادے

ساغر مے لالہ گون سے بھر دے
لا آج تو مجھکو مست کر دے
کیفیت نشہ کچھ اوٹھائیں
پھر طبع کی شوخیان دکھائیں

آ تار نگ برائے طبع رنگین
ہو باغ سخن کی فکر گل چین
آمد ہے غزالہ کی وطن میں
آتی ہے بہار پھر چمن میں

چندے تو وہان رہی یہ صحبت
دن عیش سے کاٹا سب بعشرت
جب دل کی نکل چکے سب ارمان
دو چار دن اور رہ کے مہمان

پھر سر میں ہوا بھری وطن کی
بلبل کو ہوس ہوئی چمن کی
ماں باپ کی یاد نے ستایا
بھولی ہر ایک یاد آیا

مہرو سے بھی کی صلاح اونے
وہ بھی بولا کہ اچھا چلیے
اک روز جو سبز پوش آیا
رو کر یہ غزالہ نے سنایا

کیا کیا مجھے تمنے دی ہے راحت
کیا کیا مری تمنے کی ہے عزت
خالق رکھے تمہیں سلامت
ہر روز فزون ہو جاہ و حشمت

کس منھ سے کرون تمہاری تعریف
کیا کیا تمہیں دی ہے تمنے تکلیف
مرے لیے تم لڑے لڑائی
جان و عزت مری بچائی

ہو جو کہ کیا ہے تمنے احسان
جس درجہ کیا ہے پاس مہمان
ہر رونگٹا گر زبان ہو میرا
تو بھی نہ ادا ہو شکر اوسکا

ہاں آپکو لیکن اے فلک جاہ
دے اسکی جزا سے خیر اللہ
گر باپ بھی ہوتا یاں ہمارا
تو وہ بھی نہ اس سے بڑھ کے کرتا

کوئی اپنا نظر نہ آیا
ماں باپ نے ایک تمکو پایا
اب دل میں ہماری ہے یہ حسرت
ماں باپ کی کیجیے زیارت

غم اونکو مرا کمال ہوگا
بدتر مرے سے حال ہوگا
قطرہ نہیں مری جان ہے تیرا
عرض اتنی ہو اور اب پذیرا

ہے مجھکو بہت خیال اونکا
کیا جانیے کیا ہو حال اونکا
دین مجھکو وطن کی آپ رخصت
پر چاہتی ہوں بدل اجازت

بولا یہ سبز پوش سنکر
جیسی مرضی تمہاری بہتر
جس امر میں آپکی خوشی ہے
منظور مجھے بدل وہی ہے

سامان سفر میں کل کرونگا
دو دو وزیر میں تمکو بھیج دونگا
دین مجھکو وطن کی آپ رخصت
پر چاہتی ہوں بدل اجازت

پھر دیکھو میں اے نگار خوشخو
کس ٹھاٹھ سے بھیجتا ہوں تمکو
شاہانہ وطن کو اپنے جاؤ
سب شہر کو کر و فر دکھاؤ

اور تمکو اگر ہو جلد جانا
تو کل ہی ہو اے قمر روانا
بولی کہ حضور کی عنایت
کچھ اسکی نہیں ہے مجھکو حاجت

صدقے میں تمہارے اے برادر
سب کچھ ہے وہاں مجھے میسر
القصہ کیا سفر کا سامان
شب بھر تو رہی وہ اور مہمان

ہنگام سفر وہ ماہ پارا
اسباب درست کر کے سارا
رخصت کو جو پیش جلوہ آئی
رو کر کہنے لگے کہ بھائی

تو جاتی ہین ہم خدا نگہبان
جلدی تجھکو بلاؤنگا مین
چلتی ہو غزالہ سے وطن کو
ساتھ آپکا کیا مین چھوڑونگی
گل پیرہن اور تینون پریان
جب گھر مین گئی وہ ماہ کامل
چھاتی سے لگایا باپ نے سر
صدقے بھی ہزارون پھر اوتار کے
انعام سے سبکے بھر دیئے گھر
تب لال پری سے کی ملاقات
ماں باپ کو اوسکے اک ہوئی عید
تھی محلون مین اک معمول و رسم
ہر جا دف و نے کا ایک غل تھا
گھر گھر ہوئی اونکی روز دعوت
تھا وان تو یہ جشن اور سامان
پستی تھی وہ دل ہی دل مین ہر بار
چپکے چپکے کبھی ستاتی
شوخی سے وہ منہ چڑھاتی تھی گاہ
دل اوسکا تھا وقف خنجر یار
صدقے تیرے اے قمر شمائل
ہر بار انگوٹھا وہ دکھا کر
کرتا جو وہ عشق اپنا اظہار
مین گذری مجھے معاف رکھیو
لیتا تھا بلائین جسکے وہ حور
ایجان گلے سے آلپٹ جا

پھر جلد بلانا ہمکو مہمان
ہا اے قمر آپ آؤنگا مین
جو کچھ کہ ہو وہ ابھی سے کہدو
ہمراہ مین زیست بھر رہونگی
ساتھ اوسکے چلین لباس و سامان
دیدار ہوا پدر کا حاصل
لین ماں نے بلائین اوسکی آکر
ملنے آئے عزیز سارے
محتاجون کو کر دیا تونگر
مسرور ہوئی ہر ایک خوش ذات
وان بھی ہوئی جمع سب پریزاد
مہمانون کا تھا ہجوم اوسدم
ہر بزم مین دور جام مل تھا
بڑھنے لگی رات دن محبت
الفت مین وزیرزادہ کی یان
کرتی تھی زبان سے نہ اظہار
ٹھٹھے مین کبھی اوسے اوڑاتی
نخرے لاکھون جتاتی تھی گاہ
اور سینہ تھا نذر تیغ دیدار
بیتاب کمال ہے مرا دل
اغماض سے کہتی مسکرا کر
کس ناز سے کہتی وہ دل افگار
دل میری طرف سے صاف رکھیو
کہتی تھی وہ گل کہ جل بجھو مت
ٹھنڈا کرین ذرا کلیجا

رویا وہ گلے لگا لگا کر
مہ رو نے کمال دلبری سے
وہ بولی کہ مجھکو عذر کیا ہے
پھر لال پری کو لیکے ہمراہ
طے کرکے وہ منزلین بدقت
بیٹے سے ملا جو شاہ دوران
دونے دیئے منصبین بڑھائین
ماں باپنے اتنا زر لٹایا
مہرو کو بھی دیکھکر ہوئے شاد
گل پیرہن اپنے گھر گیا جب
ویران پڑا تھا شہر سارا
بجنے لگا شادیانہ ہر سو
پریون سے ہوئے یہ لوگ مالوف
مہرو کی خوشی کا کیا کہون حال
حال اوس گل شکبو روی تھا
محفل مین جو بیٹھتے تھے باہم
لیتی کبھی چٹکیان ہزارون
وہ گل تھا کمال دل کا سادہ
بیچین جو دل کمال کرتا
منہ سے جو ہمارے منہ ملا دے
کچھ مردے سے ہوش کی دوا کر
اشفاق تمہارا قدر دانی
باتین کہین اور یہ سناؤ
کہتا تھا اگر وہ ماہ تابان
کس ناز سے کہتی تھی وہ خوش خو

پھر کہنے لگا کہ اے گل تر
پوچھا اوسوقت یہ پری سے
گھر انکا ہمارا کچھ جدا ہے
اسوار ہوئی غرض وہ ذیجاہ
داخل ہوئین شہر مین بعجلت
پھولے نہ سماتا تھا وہ ذیشان
ہمجولیان تیل ماش لائین
زیبا ہے جو کہیئے گھر لٹایا
اجڑا ہوا گھر ہوا پھر آباد
خوش اوسکی بھی اقربا ہوئی سب
دم سے انکے بسا دوبارا
ہونے لگا ناچ گانا ہر سو
خاطر مین بدلتی اونکی معروف
خود سے باہر تھا وہ خوش اقبال
اور غلبۂ شوق ہر گھڑی تھا
دل اوسکا بھی پستی تھی ہردم
دیتی کبھی گھڑکیان ہزارون
ان باتونپہ پستا تھا زیادہ
بوسے کا کبھی سوال کرتا
تو عاشق مردہ کو جلا دے
بیہودہ نہ گفتگو کیا کر
بس اتنی نہ کیجے مہربانی
نادانون پہ عاشقی جتاؤ
گل پیرہن اس ادا پہ قربان
بھاتی نہین گفتگو یہ مجھکو

کچھ خبر ہے اپنا منھ تو دیکھو
نخرے کسی اور کو یہ دیجے
ولیکن مگر اوسپہ مرتی تھی وہ
جب موقع کا وقت ہاتھ آتا
جھلا کے جھٹک کے ہاتھ اوسکا
ہنس ہنس میاں اپنے ہوش میں آؤ
بس کہدیا تمسے نچلے بیٹھو
کیا خوب ذرا الگ تو ہٹیے
مجھکو انھیں باتوں سے ہے نفرت
کہدونگی غزالہ سے میں جا کر
دیکھا جو غزالہ نے بھی یہ طور
باہم ان دونوں میں ہے الفت
بولا بیٹے سے وہ فلک جاہ
بیٹے کی بھی اپنے کچھ خبر ہے
ایسا نہو کوئی آفت آئے
وہ بولا کہ مجھکو دخل کیا ہے
القصہ صلاح جب یہ ٹھہری
جب ہو چکا عقد اوس قمر کا

کیا خوب ذرا حواس میں آؤ
کچھ لیجے حواس عقل سمجھے
رنجش سے بھی اوسکو ڈر تھی ہنس کے
تنہا کہیں اوسکو پاکے پاتا
کہتی وہ جتا کے ناز و غمزہ
کچھ ضبط ہوا ہے دشمنوں کو
چڑھ لگتے ہیں آج تم ہی مجھکو
بس مجھسے نہ اسقدر لپٹیے
میری یہ نہیں دل لگی کی عادت
وہ ٹھیک کرے گی تمکو آکر
کی باپ سے اپنے عرض فی الفور
حد سے بھی زیادہ ہے محبت
کیا اسمیں مضائقہ ہے واہ واہ
غفلت نہیں اوس سے کیجیے عقد
یہ عشق نکوئی گل پھولائے
ہیں آپکا وہ بھی آپکا ہے
کس دھوم سے کی پھر اوسکی شادی
کیا شاد ہوا وہ ماہ پارا
پھر تو ہوا دور جام مل کا

اترا گئے گھر میں آگئیں آپ
ظاہر میں تو کرتی تھی رکھائی
بیتاب تھا وہ بھی ماہ پیکر
گہ باتوں میں اوس سے پیار کرتا
بھاتی نہیں مجھکو ہاتھا پائی
کیا فرصت وقت پا گئے آپ
کچھ شاق نہیں آپکی نا چاہیں
یہ چہچہے کیجیے کہیں اور
فرماؤ تو اب ہے کیا ارادہ
جب سنتی یہ رنگ انکا دیکھا
گل پیرہن اور مشکبو کا
کہنے لگا ماہ رو بھی ہنسکر
یہ کہکے وزیر کو بلا کر
مرتا ہے وہ مشکبو پری پر
پچتاؤ گے دیکھو کہنا مانو
آپ اپنے غلام کے ہیں مختار
سامان کر اوسکا کچھ بیان ہے
دل کی جو امید تھی بر آئی
بلبل کو ہوا وصال گل کا

چل نکلے ہیں منھ لگائے ہیں آپ
ہر بات میں ناز و کج ادائی
قابو تھا کچھ اوسکا بھی نہ چلتا
گہ دست ہوس دراز کرتا
یہ بھی طرفہ ہے غضب کی
کیا جلد مزے میں آگئے آپ
صورت پہ نہ اپنی آپ اترائیں
دنیا میں ہیں سیکڑوں حسین اور
گر مجھکو ستاؤ گے زیادہ
کرنے لگے پھر تو لوگ چرچا
ہو جائے جو عقد تو ہے اچھا
اس سے نہیں کوئی بات بہتر
فرمایا یہ اوسنے کا ہی خوبرو
وارفتہ ہے وہ بھی اوس پری پر
اب اسکا اسی سے عقد کردو
کچھ اوس سے نہیں مجھے سروکار
طیار اک اور داستان ہو
دولت وصل صنم کی پائی

رفتن ماہ رو با غزالہ و لال پری در وطن خود و ملاقی شدن با مادر و پدر

ساقی کوئی جام بادہ بھر دے
صبر و کرو جو گھر کا دھیان آیا
الفت میں تو تھے خاک چھانی
در در پھرے ہم خراب کیا کیا
آخر میں بھر آئی وہاں غزالہ

صحبت ہے اخیر مست کو دے
آنکھوں سے محیط خون بہایا
کی اپنی خراب زندگانی
دنیا سے سہی عذاب کیا کیا
دیکھا تو وہ گل ہے محو نالہ

لیں لوں میں شراب ارغوانی
رو رو کے کہنے لگا آہ ناشاد
مادر سے چھٹی پدر سے چھوٹی
لب کہکے یہ اپنے دل سے ہر بار
گھبرا کے کہا کہ خیر ہے خیر

ہوتی ہے تمام اب کہانی
کیا مفت ہوئی ہم آہ برباد
احباب سے چھوٹی گھر سے چھوٹی
بس رونے لگا وہ برق رخسار
رو رو کے کہا ہے حال کیوں غیر

قربان گئی ملول کیون ہو
جب سب نے کیا کمال اصرار
مان باپ مرے تھے محجبہ شیدا
جیتے ہین کہ مرگئے وہ ناشاد
مشہور وطن مرا ختن ہے
تب لال پری یہ ہنسکے بولی
ناحق تمہین غم و محن ہے
موقوف کرو یہ آہ و نالہ
اسوار ہون کل ہی مہربان آپ
فرمایا کہو ارادہ کیا ہے
گھر یہ بھی ہی وہ بھی گھر تمھارا
فرمایا سندوہ اوسکو دے کر
تسلیم کی ماہ رو نے جھک کر
دیوؤن نے ہوا پہ تخت اوڑایا
جب پہونچی خبر یہ مہرتن کو
آتی ہی اوسے گلے لگایا
افراط خوشی سی بس وہ خورشید
خالق نے مجھے یہ دن دکھایا
ہو وہ نہ جو پیار اوسکو آیا
چندے رہی دھوم دھام نشاط
زوجہ سے یہ اپنی گفتگو کی
ہم بھی تو نکالین دل کی حسرت
اوس غیرت جم نے پھر اوسی آن
آراستہ کی وہ بزم امید
گر ہوئین زبانین سوسن آسا

کس بات کا ہی ملال تمکو
بولا رو رو کے وہ دل افگار
فرزند تھا مین ہی ایک اونکا
گھر مفت ہوا ہمارا برباد
اور باپ کا نام مہرتن ہے
کیا آپکو روکتا ہی کوئی
کچھ دور یہان سے کیا ختن ہی
ساتھ آپکے ہم ہین اور غزالہ
دم بھر مین تو ہو پہونچیگے وہان آپ
اب قصد سوے وطن ہوا ہی
یہ ملک بھی اپنا سمجھو سارا
اب کیجیے اپنا قبضہ اسپر
رخصت ہوا پھر وہ ماہ پیکر
اک دم مین وہ اپنے گھر مین آیا
سجدے پہ گرا وہ شاہ خوشخو
پھر لیکے محل کے اندر آیا
تھرانے لگی بصورت بید
نوشاہ مع برات آیا
اونکو بھی لیکے سی لگایا
اٹھتی ہی بیکسون کو خیرات
شادی کرین اس ماہرو کی
اللہ نے کی ہی یہ عنایت
شادی کا کیا درست سامان
نظرون سے گرایا جشن جمشید
وصف اوسکا بیان ہو نہ دریا

کی لال پری نے بھی سماجت
کیا تمسے کہون کہ رنج کیا ہی
کیا جانیے اونکا کیا ہوا حال
عقبا کو گنوایا بہر الفت
فرقت مجھے اونکی ہی بہت شاق
اب کیجیے باپ مان کی خدمت
چلئیے جو ہو آپکا ارادہ
موجود ہی تخت یان ہمارا
جسوقت سنا یہ شاہ نے حال
بسم اللہ شوق سے سدھارو
یہ کہکے منگاکے پھر قلمدان
مین ملک یہ لیکے کیا کرونگا
دونون حورون کو لیکے ہمراہ
غل پڑگیا شاہزادہ آیا
شکرانہ ادا کیا خدا کا
مان نے جو پسر کے رخ کو دیکھا
پھیلا دیے ہاتھ شاد ہوکر
لے لیکے بلائین اوسکی ہر بار
پھر جمع ہوئے عزیز سارے
گھر بھر لیے اپنے مرد و زن نے
پہلے تو غزالہ سے کرو عقد
بولی کہ مجھے بھی ہی تمنا
اللہ رے شوکت و تجمل
کس دھوم سے بیاہنے چڑھا وہ
دونونکو غرض وہ بیاہ لایا

جلدی کہو کیون ردی ہو حالت
صدمہ مرے دلپہ یہ بڑا ہی
معلوم نہین کچھ اب تک احوال
کچھ اونکی نہو سکی اطاعت
دیدار کا ہون کمال مشتاق
ہمکو بھی نصیب ہو زیارت
تقریر نہ کیجیے زیادہ
سامان سفر ہی ساتھ سارا
دوڑا ہوا آیا وہ خوش اقبال
کچھ عذر نہین ہی اسمین ہمکو
سب لکھ دیا ملک و مال اوسی آن
اب بندگی خدا کرونگا
اسوار ہوا غرض وہ ذی جاہ
پھر حق اوسے خیریت سے لایا
پھر لینے کے واسطے وہ دوڑا
مین اوسکی خوشی بیان کرون کیا
لپٹا کے گلے سے بولی روکر
منھ چومتی تھی وہ سینہ افگار
کونڈے کیے صدقے بھی اوتارے
اک دن سلطان مہرتن نے
پھر لال پری سے اسکا ہو عقد
ارمان مرا بھی ہوے پورا
سامان طلسم تھا وہ بالکل
سامان رقم ہو کسی کیا وہ
پھل نخل مواصلت کا پایا

ماں باپ ہوے کمال ہی شاد
بسیار حسین و خوبصورت
اللہ رے حسن کی صفائی
پھر اوس مہ چرخ برتری کی
جام مے عیش کا رہا دور
تھا لال پری کا بھی یہ انداز
کرتی تھی غزالہ سے بھی الفت
تو رہتی تھی اسطرح وہ ذیشان
تھی ایک تو ثروت اوسکے گھر کی
قبضہ اونپر بھی کر لیا تھا
معشوق تو ہم بغل تھا دن رات
ذرات لٹاتا تھا وہ ذیشان
جسطرح سے وہ ملے ہیں یا رب
دکھلا چکے طبع کی روانی
قصہ ہی نیا رقم کیا ہے
کس نور کی نظم ہے تمہاری
محظوظ ہو ایک اک سخندان
کیا کیا نادر کیے ہیں ایجاد
کیا حسن بیان ہے کیا فصاحت
اب ہاتھ اوٹھا کے مناجات
اس درد کی میرے کچھ دوا کر
غفار ہے تو رحیم ہے تو
تیری ہی صفت ہے بے نیازی
تو نے ہی دیا ہے مجھکو یہ اوج
رکھنا مجھکو سدا یہ اقبال

پھر از سر نو ہوا گھر آباد
حور تمثال مہر طلعت
لی مہر سے اوسنے رونمائی
کس دھوم سے شاہ نے بیاہی کی
القصہ غزالہ کا یہ تھا طور
مہرو پہ فدا تھی جو وہ طناز
باہم تھی بڑھی ہوئی محبت
دس روز وہاں تو عیش دلیان
خود کرتا تھا سلطنت پدر کی
اللہ نے کیا کرم کیا تھا
جز عیش نکرتا تھا کوئی بات
سب دل کے نکالتا تھا ارمان
یون ہین ملین اپنے بچھڑے سب
تو ختم کرو کہیں کہانی
ہر شعر میں کیا مزا بھرا ہے
گوہر سے سوا ہے آبداری
ہو جان پری رخ انکی قربان
یہ طبع لطیف ہے خداداد
یہ نظم ہے قابل زیارت
کر عرض خدا سے اپنی حاجات
صحت مجھے جلد اب عطا کر
ستار ہے تو کریم ہے تو
تو ہی کرتا ہے چارہ سازی
طبل و علم و حکومت و فوج
دشمن رہے میرا خوار پامال

کہتے ہین غزالہ سے دو ہی سال
ظاہر ہو پسر لیے جاہ و اجلال
مہرو تھا خوشی کے مارے بیہوش
نوبت رکھوائی اونے گھر گھر
سسرال ہین گا بہنگی مین گاد
ہجر اوسکا تھا ناگوار اوسکو
دونو انکو چھوڑتی تھی دم بھر
مہرو کا مین کیا بیان کروں حال
دو ملک اوسے ابھی یہ ہاتھ آئے
کرتا تھا وہ ماہ عیش ہر روز
سچ ہے کہ بڑا تھا وہ خوش اقبال
دیکھو تو ذرا تم اوسکی قدرت
اب روکو عنان خامہ اختر
اس نظم کی منصفو بسی لو داد
کیا خوب زبان ہے اور کیا طرز
امید ہے جبکہ یہ پڑھی جائے
شاعر کہیں یہ فسانہ سنکر
ہر شعر سے عشق ہے ٹپکتا
اختر یہی وقت ہے دعا کا
یا رب بپے حرمت محمد
عاصی ہوں خطا شعار ہوں مین
عصیان و خطا سے درگذرنا
تو نے ہی کیا ہے مجھکو سلطان
کیا شکر ترا ادا ہو ہم سے
ہر دم مجھے با مراد رکھنا

پیدا ہوا اک پسر خوش اقبال
تابندہ جبین سے نجم اقبال
شاہ و ملکہ ز خود فراموش
جلسے رہا چلہ تک برابر
ہر دم تھا نصیب عیش دلخواہ
بے یار تھا قرار اوسکو
گھر جاتی تھی اپنے وہ کبھی گر
تھا اوج پہ اوسکا نجم اقبال
بے سعی کئی خدا نے بھی پائے
شب تھی شب عید روز نوروز
پایا تھا جو اوسنے مفت کا مال
کس رنج کے بعد دی ہے راحت
ہم جانتے ہین کہ ہو سخن ور
غالب ہے کہ سنکے ہو ہر اک شاد
مضمون بھی نئے ہین اور نیا طرز
ہر سو سے صدا ے آفرین آئے
بیشک یہ زبان ہے موج کوثر
ہر لفظ ہے اسکا رشک افزا
ہنگام ہے عرض مدعا کا
یا رب از بہر آل امجد
خود کردہ سے شرمسار ہوں مین
عاصی پہ نگاہ لطف کرنا
عالم ہے مرا مطیع فرمان
امید ہے یہ ترے کرم سے
دل کو مرے شاد شاد رکھنا

تابندہ رہے یہ نجم شاہی	قبضے مین ہو مہ سے تا بماہی

خاتمہ طبع سابق

بحر ذخار حمد پروردگار وہ دریاے ناپید اکنار ہے کہ جس سے عبور سخت مشکل و نہایت دشوار ہے کیسے کیسے غواصوں نے اس قلزم مین کہ جسکے سامنے سمندر ایک قطرہ سے کمتر ہے غوطے کھائے مگر دُرّۃ التاج ستائش و گوہر تابناک نیائش ہاتھہ نہ آیا آج تک اونکا تھل بڑا نہ ملا ہم کون ہین اور کیا ہین جو اوسکا دعوی کرین کہ یہ دُرِ شاہوار ہم لائینگے اس حیات مستعار مین کہ جسکو نقش بر آب کہتے ہین اسی فکر مین مثل حباب سرنگون رہتے ہین لطمۂ دعواے باطل کے خوف سے دم بخود ہین کچھ نہین کہتے ہین ما عرفناک حق معرفتک کے خیال سے اس شعر کو اپنے دعوے پر شاہد عادل سمجھ کر صُمٌّ بُکمٌ ہو گئے ہے ﴿ درین ورطہ کشتی فرو شد ہزار * کہ پیدا نشد تختہ بر کنار ﴾ اسیطرح جسے محیط اجر نعت رسول مختار حبیب پروردگار احمد مجتبے محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شط مواج مناقب ائمہ اطہار علیہم السلام الی یوم القیام بھی ایک رود بار طوفان خیز ہے کہ جسمین ہزارون آشنا غرق لجۂ فنا ہو گئے اور اوس ناخدا سے جہاز امت دریتیم دجلہ نبوت کا لولوی لالاے نعت و ثنا دستیاب نہوا کشتی مراد کا بادبان باد مخالف قضا سے ٹوٹ گیا ساحل امید پر نہ پہونچا گو کنارے لگ گئے ہاتھ پانوٴن مارتے مارتے تھک گئے ہماری کیا بساط اور کیا منھ جو ادعاے نعت و منقبت کا حرف زبان پر لائین اور خزف پارہ کلام کو در ثمین جانکر صدف دل سے نکال کر جوہریان بازار عرفان کو دکھائین کر اس گوہر بیش بہا کی قیمت لگاؤ مول تباؤ اسی واسطے خاموش ہو رہے گونگے کا سپنا سمجھکر اس شعر پر عمل کیا کچھ نہ کہا ﴿ شب تاریک و بیم موج گردابے چنین ہائل * کجا دانند حال ما سبکساران ساحل ہا ﴾ امابعد آبرو ریزۂ در سخن منزوی زاویۂ گمنامی شولیدہ کلام اقل الانام فدا علی معروف بہ لیجے صاحب عیش براے نام خدمت ارباب علوم و اصحاب فنون مین عرض کرتا ہے کہ درینولا عالیجناب والا خطاب مشہور بین الجمہور منشی نولکشور صاحب دام دولتہ نے وہ مثنوی بے عدیل و نظیر منتخب روزگار بے مثل و لاجواب اپنی خواہش نفس سے محض بنظر مزید افتخار ایسی عمدہ اور خوشخط نہایت اہتمام سنجیدہ سے طبع فرمائی ہے کہ جسکا ہر شعر شعری پر طعنہ زن ہے فردوسی انوری سعدی خاقانی صائب نظیری ظہوری ظہیر فاریابی جمال و کمال اگر اسوقت مین زندہ ہوتے اسکے مصنف علام سے تلمذ حاصل کرنے کو فخر سمجھتے فی الحقیقت اس مثنوی عدیم العدیل کی جسقدر صفت تحریر ہو کم ہے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ زبان کوثر سے دہوئی پائی ہے محاورات محلات سلی کی بندش چست مضامین عالی نازک خیالی ہر مصرعہ سے درد و سوز عاشقانہ ہر شعر پر سے ٹپکتا ہے حسن اشعار سے حلو عیوب عروض وغیرہ سے مبرا ہر بیت کا نیا رنگ ڈھنگ ہے

یہان ہر شاعر کا قافیہ تنگ ہی سبحان اللہ کیون نہو کلام الملک ملک الکلام ہے یعنے ہمارے اعلٰے حضرت قدر قدرت جم حشم انجم خدم سلطان السلاطین خدیو حق پژوہ سلیمان شکوہ دارا دربان سکندر پاسبان ابو المنصور ناصر الدین ظل اللہ محمد واجد علی شاہ سلطان عالم بادشاہ اودہ افاض اللہ علے العالمین برہ و احسانہ اللّٰہم متع المسلمین بطول حیاتہ نے تصنیف فرمائی ہے جودت طبع نے دریا کی روانی دکھلائی ہے دریائے تعشق نام ہے فی الواقع یادگار ادوار و ایام ہے خداوند عالم اسکے طبع کو ایسا مبارک اور مطبوع انام فرمائے کہ کرّۃً بعد اولی و مرّۃً بعد اخریٰ طبع کی نوبت آئے امین رب العالمین

تاریخ طبع سابق الرقمہ

عیش دریائے تعشق جب چھپی
ہر کلام خسرو گیتی پناہ

ہاتھ آئی قلزم الفت کی تھاہ
کیا ملا ہے گوہر تاریخ طبع

درۃ التاج سخن گیسو کمر نو
خوب و زیبا مثنوی چھاپی ہے واہ

الحمد للہ والمنہ کہ کتاب لاجواب مسمی بہ دریائے تعشق بماہ مارچ ۱۸۶۰ء مطبع منشی نولکشور واقع کانپور مین طبع ہوئی